آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL Quetta شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 22 اگست 2020ء بمطابق 02 محرم الحرم 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 227

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

وفاقی حکومت کا نواز شریف کو لندن سے واپس لانے کیلئے برطانیہ کو خط لکھنے کا اعلان

نواز شریف کو واپس لانے کیلئے تمام قانونی ذرائع استعمال کریں گے، میڈیکل رپورٹس میں ہیر پھیر کے ذریعے علاج کے لیے لندن گئے اور اب وہاں بیٹھ کر سیاست کر رہے ہیں، نواز شریف کی میڈیکل رپورٹس فورنزک کرایا جائیگا

اپوزیشن پاکستان کے ایف اے ٹی ایف کی بلیک لسٹ میں جانے کے خطرات سے بخوبی آگاہ ہونے کے باوجود این آر او کے حصول کیلئے بلیک میلنگ کر رہی ہے، اگر پاکستان کو بلیک لسٹ میں شامل کر دیا گیا تو اس کی ذمہ داری اپوزیشن پر ہوگی

ہم کسی صورت ان کو ریلیف نہیں دیں گے، مریم نواز شریف کوئی سیاسی رہنما نہیں، انہیں پارٹی وراثت میں ملی، مریم نواز تقریریں کرنے کی بجائے نیب کے سوالات کے جواب دیں، وزیر اطلاعات شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف کو لندن سے واپس لانے کیلئے ایک بار پھر وفاقی وزیر خارجہ کے ذریعے برطانیہ کو خط لکھنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ نواز شریف کو واپس لانے کیلئے تمام قانونی ذرائع استعمال کریں گے، میڈیکل رپورٹس میں ہیر پھیر کے ذریعے علاج کے لیے لندن گئے اور اب وہاں بیٹھ کر سیاست کر رہے ہیں، نواز شریف کی میڈیکل رپورٹس فورنزک کرایا جائیگا، اپوزیشن پاکستان کے ایف اے ٹی ایف کی بلیک لسٹ میں جانے کے خطرات سے بخوبی آگاہ ہونے کے باوجود این آر او کے حصول کیلئے بلیک میلنگ کر رہی ہے، اگر

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیر اعظم عمران خان سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عالمی برادری بھارت کے سول اور فوجی حکام کیخلاف قانونی چارہ جوئی کرے

شاہ محمود قریشی

آج کے دن ہمیں بھارت کے غیر قانونی قبضے کا شکار مقبوضہ کشمیر کے عوام کو بھی یاد رکھنا ہوگا، عالمی برادری ریاستی دہشت گردی اور انسانیت کے خلاف جرائم میں ملوث بھارت کے سول اور فوجی حکام کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرے

پاکستان کے 70 ہزار افراد دہشت گردی کا شکار ہوئے، پاکستان کے عوام اور حکومت اپنے بہادروں کی قربانیوں کو فراموش نہیں کر سکتے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے

وزیر خارجہ کا پاکستان کیلئے قربانی دینے والے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے تعلق رکھنے والے شہدا کے خاندانوں کو سلام پیش، دہشتگردی کا شکار ہونے والے افراد کے عالمی دن پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ پاکستان کیلئے قربانی دینے والے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے تعلق رکھنے والے شہدا کے خاندانوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے 70 ہزار افراد دہشت گردی کا شکار ہوئے، پاکستان کے عوام اور حکومت اپنے بہادروں کی قربانیوں کو فراموش نہیں کر سکتے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے، آج کے دن ہمیں بھارت کے غیر قانونی قبضے کا شکار مقبوضہ کشمیر کے عوام کو بھی یاد رکھنا ہوگا، عالمی برادری ریاستی دہشت گردی اور انسانیت کے خلاف جرائم میں ملوث بھارت کے سول اور فوجی حکام کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرے۔ جمعہ کو دہشتگردی کا شکار ہونے والے افراد کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیر خارجہ نے کہا کہ

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی کو میر چاکر خان رند سبی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر علی نواز میڈیکل یونیورسٹی کی کارکردگی سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

بلوچستان میں موسلا دھار بارشوں کا نیا سلسلہ شروع، ندی نالوں میں طغیانی آگئی

پہاڑی سلسلوں میں تیز طوفانی بارش سے ندی نالوں میں طغیانی آگئی اور رابطہ سڑکیں متاثر ہوگئیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں مون سون بارشوں کا نیا سلسلہ شروع ہوگیا اور موسلا دھار بارشوں سے ندی نالوں میں طغیانی آگئی صوبہ بلوچستان کے مشرقی علاقوں میں مون سون بارشیں جاری ہیں اور برفانی و گرد و نواح میں گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

اگر حالات ٹھیک ہوئے تو پندرہ ستمبر کو سکول کھل جائینگے، وزیر تعلیم شفقت محمود

ہمیں بڑے چیلنجز سے نبرد آزما ہونا پڑا، وزارت تعلیم کو ایسے مسائل کا سامنا کرنا پڑا جس کی تاریخ میں کوئی مثال نہیں، پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے کہا ہے کہ اگر حالات ٹھیک ہوئے تو پندرہ ستمبر کو سکول کھل جائینگے، ہمیں بڑے چیلنجز سے نبرد آزما ہونا پڑا، وزارت تعلیم کو ایسے مسائل کا سامنا کرنا پڑا جس کی تاریخ میں کوئی مثال نہیں، کیمبرج کو بتا دیا ہے رزلٹ

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

لاپتہ افراد کی بازیابی کے حوالے سے قائم کمیشن یکم ستمبر سے کوئٹہ میں کیسز کی سماعت کرے گا، سماعت کے دوران 118 لاپتہ افراد کے کیسز سنے جائیں گے

کوئٹہ (این این آئی) لاپتہ افراد کی بازیابی کے حوالے سے قائم کمیشن یکم ستمبر سے کوئٹہ میں کیسز کی سماعت کرے گا، سماعت کے دوران 118 لاپتہ افراد کے کیسز سنے جائیں گے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے مطابق لاپتہ افراد بازیابی کمیشن کی سربراہی ہائی کورٹ کے ریٹائرڈ جسٹس فضل الرحمن کریں

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے آپس میں اتحاد قائم کرنے کی ضرورت ہے، اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی

علمائے کرام اور مذہبی اسکالرز کو مختلف مکاتب فکر کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے میں کردار ادا کرنا چاہیے، اسد قیصر

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری نے نئے ہجری 1442ء کے موقع پر پیغام میں کہا ہے کہ امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے آپس میں اتحاد قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ جمعہ کو مشترکہ بیان میں

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بیجنگ: وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی سے چینی ہم منصب وانگ ژی ملاقات کے موقع پر گفتگو فرما رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان پولیس نے آزمائشی طور پر موبائل پولیس اسٹیشن کا تجربہ شروع کر دیا، وزیر داخلہ بلوچستان جام کمال خان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان پولیس نے آزمائشی طور پر موبائل پولیس اسٹیشن کا تجربہ شروع کر دیا

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

شاہرگ کوئلہ کان میں میٹی کا تودا گرنے سے ایک کانکن جاں بحق

ہرنائی (این این آئی) ہرنائی کے تحصیل شاہرگ پی ایم ڈی سی کول مائنز ایریا میں ایک مقامی کوئلہ کان

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ٹوکنڈی کے قریب کارین کار گو سے بھرا ٹرالر الٹ گیا دو افراد زخمی

ٹوکنڈی (این این آئی) ٹوکنڈی کے قریب کارین کار گو سے بھرا ٹرالر الٹ گیا دو افراد زخمی تفصیلات

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

کولہو میں زمین کے تنازعے پر لڑائی ایک شخص جاں بحق

کولہو (این این آئی) کولہو میں زمین کے تنازعے پر لڑائی ایک شخص جاں بحق تفصیلات کے مطابق کولہو میں

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

این آر او این آر او کے تماشے بند کریں، این آر او پہ چلتے وزیر اعظم دوسروں کو کیا این آر او دے گا؟ مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے وزیر اعظم عمران

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

محرم کورونا کا پھیلاؤ روکنے کیلئے انتظامی تدابیر پر عمل جاری رکھے، اجتماعات اور جلوس کے دوران ضوابط پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے دوران کورونا کا

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم عمران خان نے منشیات کے پھیلاؤ کا سخت نوٹس لیا ہے، وفاقی وزیر علی زیدی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر بحری امور علی زیدی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم عمران خان نے منشیات

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

محرم الحرام کا مہینہ ہمیں حق پر ڈٹ جانے اور بڑی قربانی سے دریغ نہ کرنے کی یاد دہانی کراتا ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ محرم الحرام کا مہینہ ہمیں حق پر

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

پاکستان افغانستان نے سرحدی راہداری پانچ ماہ بعد مکمل طور پر بحال کر دی

پاکستان نے افغانستان کے ساتھ چمن کے مقام پر اپنی سرحدی راہداری پانچ ماہ بعد مکمل طور پر بحال کر دی ہے سرحد پر اب ہفتے کے ساتوں دن دو طرفہ پیدل آمد و رفت اور تجارت کی اجازت دے دی گئی ہے

اب دونوں ممالک کے سرحدی علاقوں کے مکینوں کو پاسپورٹ اور ویزے کے بغیر پاکستانی شناختی کارڈ اور افغانی تذکرہ پر آمد و رفت کی اجازت ہوگی، محصولات میں کمی کی وجہ سے حکومت کو بھی نقصان ہو

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان نے افغانستان کے ساتھ چمن کے مقام پر اپنی سرحدی راہداری پانچ ماہ بعد مکمل طور پر بحال کر دی ہے سرحد پر اب ہفتے کے ساتوں دن دو طرفہ پیدل آمد و رفت اور تجارت کی اجازت دے دی گئی ہے۔ طویل عرصے بعد سرحد کھلنے پر مقامی تاجروں اور مزدوروں نے خوشی کا اظہار کیا ہے۔ پاک افغان چمن سرحد دو سال دو مارچ کو کورونا کے باعث مکمل طور پر بند کر دی گئی تھی۔ اس کے بعد جون میں سرحد کو جزوی طور پر بحال کیا گیا اور ہفتے میں صرف ایک دن پیدل آمد و رفت کی اجازت دی گئی مگر اس کے لیے بھی پہلی بار پاسپورٹ اور ویزے کی شرط عائد کی گئی جس

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

کورونا کا خطرہ ابھی ٹلا نہیں، صوبائی تعاون سے سکول کھولنے کیلئے تیار ہیں، اسد عمر

محرم الحرام میں بے احتیاطی اور سکول کھلنے کے بعد وباء کے پھیلاؤ میں تیزی آسکتی ہے

این سی او سی صوبوں کے تعاون سے کورونا کیسز میں اضافے کو روکنے کیلئے ہر موقع پر تیار ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی اسد عمر نے کہا ہے کورونا وائرس کا خطرہ ابھی ٹلا نہیں، محرم الحرام کے دوران اور سکول کھلنے کے بعد کورونا کیسز میں میں اضافہ ہو سکتا ہے، صوبائی تعاون سے وباء کو پھیلنے سے روکنے کیلئے تیار ہیں۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ پر جاری ایک بیان میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی اسد عمر نے کہا کہ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر صوبائی حکومتوں اور انتظامیہ کے تعاون سے کورونا کیسز میں ممکنہ اضافے کے خدشے سے نمٹنے کیلئے تیاری

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ملک میں عالمی وبا کورونا کے فعال کیسز کی تعداد 11 ہزار 790 رہ گئی

مزید دس مریض چل بسے، 630 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، این سی او سی

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں عالمی وبا کورونا کے فعال کیسز کی تعداد 11 ہزار 790 رہ گئی ہے۔ این سی او سی کے مطابق گذشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا وبا کے 630 نئے کیسز رپورٹ مزید 10 اموات ہوئیں جس کے بعد ملک بھر میں کورونا کیسز کی تعداد 2 لاکھ 92

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

عوام کی طرف سے دیئے گئے اختیارات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کر سکتے

بلاول بھٹو

کراچی کو وفاق کے حوالے کرنے کے خواب دیکھنے والے ہوش میں آئیں، پیپلز پارٹی اختیارات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کر سکتی

کراچی سے تعلق رکھنے والی سول سوسائٹی کی کسی معروف شخصیت کو ایڈمنسٹریٹر بنانے پر اتفاق ہوگیا، چیئرمین پیپلز پارٹی کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلے

کراچی (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے مرکز سے صوبائی سطح تک پارٹی کی تنظیم نو اور نئی سیاسی صف بندی کا فیصلہ کر لیا ہے، بلدیاتی اداروں میں بیوروکریٹس، سیاسی اور سول سوسائٹی کے اچھی ساکھ کے حامل افراد کو ایڈمنسٹریٹرز مقرر کرنیکا فیصلہ کر لیا گیا، کراچی سے تعلق رکھنے والی سول سوسائٹی کی کسی معروف شخصیت کو ایڈمنسٹریٹر بنانے پر اتفاق ہوگیا، کراچی کے تمام اضلاع میں بھی پارٹی کی تنظیم نو کے لیے اہم فیصلے کر لیے گئے، بلاول بھٹو نے کہا کہ کراچی کو وفاق کے حوالے کرنے کے خواب دیکھنے والے ہوش میں آئیں، پیپلز پارٹی اختیارات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کر سکتی۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی صدارت میں بلاول ہاؤس کراچی میں پارٹی کے اہم ترین مشاورتی اجلاس منعقد ہوئے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کراچی آرگنائزیشن کمیٹی کے ارکان اور سندھ حکومت کے ذمہ داران سے ملاقات

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

وزیر اطلاعات شبلی فراز سے سعودی سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

پاکستان اور سعودی عرب کا مسلمان مشاہیر کی زندگی، ان کی کامیابیوں اور اسلامی اقدار کو اجاگر کرنے والے پروگراموں کی تیاری پر اتفاق

سعودی عرب وزیر اعظم کیلئے ایک قریبی کے اظہار اور جلاوت کیلئے سب سے آگے رہا، سعودی سفیر نے سعودی عرب میں کورونا صورتحال کے متعلق آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور سعودی عرب نے مسلمان مشاہیر کی زندگی، ان کی کامیابیوں اور اسلامی اقدار کو اجاگر کرنے والے پروگراموں کی تیاری پر اتفاق کیا ہے۔ جمعہ کو وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے سعودی سفیر نواف سعید المالکی نے ملاقات کی جس میں گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ پاک سعودی تعلقات ہمیشہ کی طرح مضبوط اور مستحکم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاریخی برادرانہ تعلقات کو مزید فروغ دینے کیلئے پرعزم ہیں۔ سینیٹر شبلی فراز نے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

نال میں نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کا نماز جنازہ ادا کی گئی

خضدار (نامہ نگار) نال نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کے نماز جنازہ میں بلوچستان عوامی پارٹی کی طرف سے مرکزی رہنما آغا خلیل احمد خلفداری صوبائی وزیر تعلیم ہلیدی میر رؤف رند میر خالد بزنجو سردار عزیز محمد عمرانی سردار بلند خان تلاہانی میر کلیم اللہ ساسولی سردار زادہ وسیم قسیم

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بحیثیت استاد ہمیں اپنی کارکردگی کو ہر صورت میں بہتر بنانا ہوگا

سرزمین ایاز

محمد رند

بحیثیت استاد ہمیں اپنے مرتبے کو پہچانا ہوگا اور اپنی کارکردگی کو ہر صورت میں بہتر بنانا ہوگا

آنے والے وقت میں پروفیسر کی ترقی کارکردگی کی بنیاد پر ہوگی نا کہ سینیٹر ہونے پر، صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان

کوئٹہ (ش ن) صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند، اور سیکرٹری ہائر ایجوکیشن گورنمنٹ بلوچستان محمد ہاشم خان خلوتی کی ہدایات کے مطابق ڈائریکٹر بیکٹ پروفیسر سعد اللہ خان توخی کی سربراہی میں سال اول اور سال دوم کے کالجز کے کورسز کو سمارٹ بنانے کا کام گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج کوئٹہ کینٹ میں شروع ہو چکا ہے، یہ سمارٹ کورس 15 ستمبر کو کالجز کھلنے کے بعد طلباء کو پڑھایا جائے گا اور اسی سمارٹ کورس سے امتحان لیا جائے گا اس وقت تقریباً 200 پروفیسر خواتین و حضرات 32 کمیٹیوں کی صورت میں بلوچستان بھر کے کالجز میں پڑھائے جانے والے 32 مضامین کو سمارٹ بنانے میں مصروف عمل ہیں یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ صوبہ بلوچستان نے اس معاملے میں کورس سمارٹ بنانے کے عمل کی ابتداء میں اپیل کی ہے جمعہ کو صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند، سیکرٹری تعلیم محمد ہاشم خان خلوتی نے گرلز کالج کا دورہ کیا اور کورس پر کام کرنے والے پروفیسرز سے ملاقات کیں انہوں نے بلوچستان اکیڈمی فار کالج

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

کورونا وباء میں ڈاکٹرز نے اہم کردار ادا کیا، ڈاکٹر عبدالقدیر خان

مریضوں کی دیکھ بھال کے دوران ڈاکٹر اے کیو خان ہسپتال کا سٹاف بھی متاثر ہوا

لاہور (این این آئی) ممتاز ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے کہا ہے کہ ڈاکٹر اے کیو خان ہسپتال ٹرسٹ نے کورونا کی وباء کے دوران فرنٹ فٹ پر رہ کر مقابلہ کیا۔ موذی وباء کے خلاف ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل سٹاف نے اپنا کردار ادا کیا۔ کورونا وائرس کے دوران طبی عملے کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ ڈاکٹر اے کیو خان ہسپتال ٹرسٹ کے سٹاف نے دن رات مریضوں کی دیکھ بھال کی۔ مریضوں کی دیکھ بھال کے دوران ہمارے ہسپتال کے سی ای او شوکت ورک، ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہیومن ریسورس خالد شبیر، ڈائریکٹر سہیل عقل اور دیگر بھی کورونا وائرس میں مبتلا ہوئے۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

نال نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کے نماز جنازہ کے چند مناظر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوہلو میں زمین کے تنازعے پر لڑائی ایک شخص جاں بحق

کوہلو (این این آئی) کوہلو میں زمین کے تنازعے پر لڑائی ایک شخص جاں بحق تفصیلات کے مطابق کوہلو میں

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

وزیر اعظم عمران خان نے منشیات کے پھیلاؤ کا سخت نوٹس لیا ہے، وفاقی وزیر علی زیدی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر بحری امور علی زیدی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم عمران خان نے منشیات

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

محرم الحرام کا مہینہ ہمیں حق پر ڈٹ جانے اور بڑی قربانی سے دریغ نہ کرنے کی یاد دہانی کراتا ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ محرم الحرام کا مہینہ ہمیں حق پر

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

کراچی بارش، رین ایمرجنسی کا دعویٰ بارش کے پانی میں ڈوب گیا، مختلف واقعات میں 3 افراد جاں بحق

بارش باعث مختلف سڑکوں پر ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہوگئی، سڑکوں پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں، کئی علاقے زیر آب

کئی حصے قبرستان جانے والا روڈ، شادمان، نورانی، کے ای ایس کے طرف کی کئی فٹ پانی جمع ہوگیا ہے، شہریوں کی آمد و رفت متاثر

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں موسلا دھار بارش کے دوران بجلی گرنے اور کرنٹ لگنے کے واقعات میں 3 افراد جاں بحق ہوگئے ہیں۔ بارش باعث مختلف سڑکوں پر ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہوگئی، سڑکوں پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں، بارش میں رین ایمرجنسی کا دعویٰ بھی ڈوب گیا، کئی علاقے پانی میں ڈوب گئے۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کو بارش کے بعد نارتھ ناظم آباد میں ارین فلڈنگ کی صورت حال دیکھی گئی ہے، شادمان، نیو کراچی، کے ای ایس اور کے ای ایس کے پانی میں

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

کیشن کمیشن آف پاکستان نے سیاسی جماعتوں کو اپنے اثاثوں اور آڈٹ کی تفصیلات 29 اگست تک جمع کرانے کی ہدایت کر دی

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سیاسی جماعتوں کو اپنے اثاثوں اور آڈٹ کی تفصیلات 29 اگست تک جمع کرانے کی ہدایت کر دی الیکشن کمیشن کی جانب سے سیاسی جماعتوں کو اپنے اثاثوں اور آڈٹ کی تفصیلات 29 اگست تک جمع کرانے کیلئے یاد دہانی کرا دی گئی الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ سالانہ

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

قومی شاہراہ کھنڈرات میں تبدیل ہونے کے باوجود نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی چشم پوشی قابل جرم ہے، میر صادق عمرانی

صوبائی حکومت نام کی کوئی چیز موجود نہیں ہے بلوچستان کی نیشنل ہائی وے کو ای بیک میں شامل کیا جائے، سابق صوبائی وزیر

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن سابق صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی کی مین بازار سے گزرنے والی قومی شاہراہ کھنڈرات میں تبدیل ہونے کے باوجود نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی چشم پوشی قابل جرم ہے، ڈیرہ مراد جمالی شہر پر منتخب عوامی نمائندوں کی عدم توجہ سے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

نوشکی میں کے قریب صرف گاڑی الٹنے سے 10 افراد زخمی 4 کی حالت تشویشناک

نوشکی (آن لائن) نوشکی میں کے قریب صرف گاڑی الٹنے سے 10 افراد زخمی 4 کی حالت تشویشناک، گاڑی میں 16 افراد سوار تھے، جن کو انسانی سرگنگ کیا جا رہا تفصیلات کے مطابق کوئٹہ تفتان این 40 آر سی ڈی شاہراہ پر انسانی سگنلوں کا گاڑی نوشکی کے علاقہ قل میں

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں عمومی صحت عامہ کی بہتری کے لیے ورٹیکل پروگرام کی افادیت کلیدی کردار کی حامل ہے، ڈاکٹر رابعہ بلیدی

صحت کے شعبے میں جاری ان پروگرام کو زیادہ سے زیادہ سود مند بنانے کے لیے مقصد حاصل کرنے کے حصول میں ہاکی قوم کو ہاکی کی پارلیمانی سیکرٹری صحت

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر رابعہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں عمومی صحت عامہ کی بہتری کے لیے ورٹیکل پروگرام کی افادیت کلیدی کردار کی حامل ہے شعبے میں جاری ان پروگرام کو زیادہ سے زیادہ سود مند بنانے کے لیے مقصد حاصل کرنے کے حصول میں تمام ہاکی کی پارلیمانی سیکرٹری صحت دور کی جائیں گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان میں جاری ورٹیکل پروگرام کے سربراہان کے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز سے سعودی سفیر نواف سعید المالکی ملاقات کر رہے ہیں

ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا، نور محمد

نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر میر حاصل بزنجو کے اچانک انتقال سے صوبہ ایک زیرک سیاستدان سے محروم ہوگیا مرحوم کے اچانک انتقال پر انتہائی افسوس ہوا

ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا جو کہ کام ہوگا وہ پی سی ون کے مطابق ہوگا، صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ

ہرنائی (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، دواسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے نیشنل پارٹی پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر حاصل خان بزنجو کی اچانک انتقال پر پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم کے انتقال سے ملک اور بلوچستان ایک زیرک، نڈر اور مخلص سیاستدان سے محروم ہوگئے سینیٹر میر حاصل بازنجو کے انتقال پیدا ہونے والا پر نہیں ہوسکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک تعزیتی بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ مرحوم حاصل خان بزنجو کا جمہوری رویوں کے فروغ، عوام میں سیاسی شعور و آگاہی پیدا کرنا اور صوبے کے عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے نہایت اہم کردار ہے اور انکی سیاسی خدمات کو تادیر یاد رکھا جائے گا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ سینیٹر حاصل بزنجو کو انکے صوبے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

مرحوم نے ہمیشہ آئین و قانون کی حکمرانی پارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے جدوجہد کی، عثمان خان کاکڑ

مرحوم کی وفات سے بلوچ قومی تحریک، محکوم و مظلوم عوام اور حقیقی جمہوریت اور پارلیمان کی بالادستی کیلئے جدوجہد کو ایک بہت بڑا دھچکا پہنچا

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر عثمان خان کاکڑ نے نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما میر حاصل بزنجو کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم نے ہمیشہ آئین و قانون کی حکمرانی پارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے جدوجہد کی بلکہ اداروں آئینی ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ کے تحفظ کیلئے لڑتے رہے مرحوم کی وفات سے بلوچ قومی تحریک، محکوم و مظلوم عوام اور حقیقی جمہوریت اور پارلیمان کی بالادستی کیلئے جدوجہد کو ایک بہت بڑا

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

بلوچستان پولیس میں تقرریاں و تبادلے وزیر داخلہ کے چیف سیکیورٹی آفیسر کو تبدیل کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان پولیس میں تقرریاں و تبادلے وزیر داخلہ کے چیف سیکیورٹی آفیسر کو تبدیل کر دیا گیا، جمعہ کو آئی جی پولیس بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیے کے مطابق ایس ایس پی اور لائی محمد جواد طارق کے تبادلہ کر کے انہیں وزیر داخلہ کا چیف

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

طلباء و طالبات اعلیٰ تعلیم کے ثمرات سے مستفید ہو رہے ہیں

آرڈر بلوچستان

تعلیمی معیار کو اونچا کرنے اور اکیڈمیا اور مارکیٹ کے درمیان سماجی ضروریات کے مطابق اشتراک پیدا کرنے کیلئے اپنے حصہ کا کردار ادا کریں

سبی یونیورسٹی کے قیام سے قریبی اضلاع کے طلباء و طالبات بھی اعلیٰ تعلیم کے ثمرات سے مستفید ہو رہے ہیں، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (ش ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ یہ ہماری قومی ذمہ داری ہے کہ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں مستند ماحول کو فروغ دینے، تعلیمی معیار کو اونچا کرنے اور اکیڈمیا اور مارکیٹ کے درمیان سماجی ضروریات کے مطابق اشتراک پیدا کرنے کیلئے اپنے حصہ کا کردار ادا کریں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز میر چاکر خان رند سبی یونیورسٹی سبی کی کارکردگی سے متعلق بریفنگ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ سبی یونیورسٹی کے قیام سے قریبی اضلاع کے طلباء و طالبات بھی اعلیٰ تعلیم کے ثمرات سے مستفید ہو رہے ہیں، انہوں نے تجارکاری مہم کے "ایک بشر، دو شجر" کے د

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

22 اگست 2020ء

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاکستان کا عزم غیر متزلزل

وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ پاکستان کے 70 ہزار افراد دہشت گردی کا شکار ہوئے، پاکستان کے عوام اور حکومت اپنے بہادروں کی قربانیوں کو فراموش نہیں کر سکتے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے، آج کے دن ہمیں بھارت کے غیر قانونی قبضے کا شکار مقبوضہ کشمیر کے عوام کو بھی یاد رکھنا ہوگا، عالمی برادری ریاستی دہشت گردی اور انسانیت کے خلاف جرائم میں ملوث بھارت کے سول اور فوجی حکام کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرے۔ پاکستان کے عوام گذشتہ دو دہائیوں کے دوران دہشت گردی کا نشانہ بنے۔ دہشت گردی کی وجہ سے پاکستان کو 120 ارب ڈالر کا نقصان ہوا، ملک کی حفاظت کیلئے ہزاروں بہادر جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ پاکستان کیلئے قربانی دینے والے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے تعلق رکھنے والے شہدا کے خاندانوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ پاکستان کے عوام اور حکومت اپنے بہادروں کی قربانیوں کو فراموش نہیں کر سکتے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے۔ بھارتی غیر قانونی قبضے کا شکار مقبوضہ کشمیر کے عوام بدترین ریاستی دہشت گردی کا شکار ہیں۔ بھارتی قابض افواج نے 1990 سے ابتک 1 لاکھ کشمیریوں کو شہید کیا۔ بھارتی قابض افواج نے 22000 خواتین کو بیوہ کیا، 1 لاکھ 8 ہزار بچوں کو یتیم اور 11000 خواتین کی عصمت دری کی۔ حکومت پاکستان دہشت گردی کے خاتمے کیلئے عالمی برادری کے ساتھ ہے۔

عقیدۂ ختم نبوت کیا ہے؟

سوشل میڈیا پر ایک عرصہ سے شور مچا ہے کہ مرزائی مختلف حیلوں بہانوں سے اپنی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں اور مفت علاج، راشن، بیرون ملک ملازمتوں، مالی امداد کا لالچ دیکر غریب مسلمانوں کو اپنے جال میں پھانسنے کیلئے قادیانی گروہ ملک بھر میں سرگرم ہو چکے ہیں۔ جبکہ متوسط امیر طبقے کے نوجوانوں کو خوبرو لڑکیوں سے شادی کی پیشکش کر دی جاتی ہے۔ حکمران قانون نافذ کرنیوالے اداروں نے آنکھیں بند کر لیں۔ جبکہ نوجوان نسل کو نشے کا عادی بنا کر بھی اپنے گروہ میں شامل کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ لاہور کے مختلف علاقوں میں قادیانوں نے اڈے بنا لیے نوجوانوں کو ورغلایا جاتا ہے۔ کراچی میں 14 نیٹ ورک فعال ہیں۔ چھوٹے شہروں اور دور دراز دیہات کو خصوصی طور پر ٹارگٹ کیا گیا ہے۔ اگر کوئی امداد لالچ میں نہ آئے تو اس کو خفیہ عناصر مدد سے دھمکایا جاتا ہے، لٹریچر کی تقسیم خفیہ طور پر کی جاتی ہے۔ گمراہ کن عقائد پھیلانے کیلئے کم عمر لڑکوں اور نوجوانوں کو ٹارگٹ کیا جاتا ہے۔ کراچی میں قادیانوں کی سرگرمیوں پھر بڑھنے لگی ہیں۔ شہر کے 7 علاقوں میں 14 نیٹ ورک فعال ہو چکے ہیں۔ جہاں مفت علاج، راشن، بیرون ملک ملازمتوں اور مالی امداد کا لالچ دے کر غریب مسلمانوں کو جال میں پھانسا جا رہا ہے۔ دوسری جانب نیشنل بائے دے پر قادیانوں کا قبرستان "باغ احمد" بھی گمراہ کن عقائد کیے پرچا کا اڈا بنا ہوا ہے۔ یہاں قادیانوں کی خفیہ میٹنگوں کا سلسلہ جاری ہے۔ کراچی میں قادیانوں کی سرگرمیوں 20 سال پہلے تک شاہ فیصل ٹاؤن کے علاقے ڈرگ روڈ کینٹ بازار، جمشید ٹاؤن کے علاقے منظور کالونی، صدر کے علاقے میں پریڈی تھانے کے قریب میگزین لائن کے عبادت خانے اور گلشن اقبال اور عزیز آباد کے علاقوں میں واقع ان کے عبادت گاہوں تک محدود تھیں۔ تاہم آہستہ آہستہ دیگر علاقوں میں بھی ان نیٹ ورک پھیلتے گئے۔ ختم نبوت ﷺ پر مسلمانوں کا ایمان ہے اس لئے کچھ تجویزیں آمنے آرہی ہیں جن میں لاہوریوں، قادیانیوں سے ہر محکمہ میں حلف لینا چاہئے، خاص طور پر عدلیہ اور حساس اداروں میں کام کرنے والوں سے حلف لیا جائے ملکی سلامتی کیلئے کام کرنے والے اداروں میں ایسے لوگوں کو برداشت نہ کیا جائے اور احمدیوں، لاہوریوں اور قادیانیوں سے کسی بھی محکمہ میں بھرتی پر پابندی لگا دی جائے کی تجاویز شامل ہیں۔ قادیانوں کا طریقہ واردات یہ ہے کہ وہ بھولے بھالے مسلمان، عیسائی نوجوانوں کی امیر اور بڑے بڑے گھروں میں شادیاں کراتے ہیں، اس وقت بھی انکی جڑیں پھیل چکی ہیں، اس حوالے سے ایوان کو میرا ساتھ دینا چاہئے یہ ملک اس لئے بنایا گیا کہ اسکو ریاست مدینہ کی طرح چلایا جائیگا، لاہوریوں اور قادیانوں سے کسی بھی محکمہ میں بھرتی پر پابندی لگا دی جائے کی تجاویز شامل ہیں۔ قادیانوں کا طریقہ واردات یہ ہے کہ وہ بھولے بھالے مسلمان، عیسائی نوجوانوں کی امیر اور بڑے بڑے گھروں میں شادیاں کراتے ہیں، اس وقت بھی انکی جڑیں پھیل چکی ہیں، اس حوالے سے ایوان کو میرا ساتھ دینا چاہئے یہ ملک اس لئے بنایا گیا کہ اسکو ریاست مدینہ کی طرح چلایا جائیگا، مولانا ابوالاعلیٰ مودودیؒ نے فتنہ قادیانیت پر ایک کتاب لکھ کر داد تحسین حاصل کی مجاہد ملت مولانا عبدالستار خان نیازی، غزالی دوراں سید سعید احمد شاہ کاظمی، پیر آف سیال شریف، مولانا حامد علی خان اور جماعت اسلامی کے بانی مولانا ابوالاعلیٰ مودودیؒ کو گرفتار کر کیا گیا بعد ازاں مولانا عبدالستار خان نیازی اور مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کو اس کیس میں سزائے موت سنادی گئی لیکن ان شخصیات کے پایہ استقلال میں جنبش تک نہیں آئی پھر عوامی ردعمل کے پیش نظر حکومت نے یہ سزا ختم کر دی گئی کمال ہے کچھ لوگ مسلمانوں کے بنیادی عقیدہ ختم نبوت کو مسلمانوں اور قادیانیوں کے درمیان معمولی سا اختلاف قرار دے رہے ہیں حیف صد حیف۔ ذوالفقار علی بھٹو دور میں ایک بار پھر تحریک ختم نبوت ﷺ شروع ہوئی اس وقت قومی اسمبلی کے قائد حزب اختلاف مولانا شاہ احمد نورانیؒ، مولانا مفتی محمودؒ، مجاہد ملت مولانا عبدالستار خان نیازی اور دیگر علماء کرام اور ارکان اسمبلی کی کوششوں سے عقیدہ ختم نبوت پر یقین نہ رکھنے والوں اور مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی ماننے والوں کو غیر مسلم قرار دے دیا گیا جس پر امت مسلمہ نے اللہ کے حضور سجدۂ شکر ادا کیا لیکن آج بھی مرزائی ذہن رکھنے والے اسے معمولی اختلاف کہہ کر اللہ کے غضب کو دعوت دے رہے ہیں انہیں چاہیے کہ وہ سچے دل سے توبہ کریں اور احمدیوں، لاہوریوں اور قادیانوں سے کسی قسم کی ہمدردی نہ کریں۔ مرزائیوں کو بے نقاب کرنے کیلئے شیخ الاسلام ڈاکٹر طاہر القادری نے تو عدالتی جنگ بڑی شان سے جیت کر عالم اسلام کا سر فخر سے بلند کر دیا اس دوران ہر مکتبۂ فکر کے علماء کرام نے کتابیں، کتابچے، پمفلٹ اور مضامین لکھ کر عوام الناس کو اس فتنہ سے آگاہ کیا اس ضمن میں تحریک ختم نبوت نامی تنظیم نے بھی فعال کردار ادا کیا ہے حکومت کا بھی فرض اولین ہے کہ نبی پاک ﷺ کی نبوت پر ڈاکہ ڈالنے کی ناپاک جسارت کرنے والوں کے ہمدردوں کو کسی بھی حکومتی یا عوامی عہدے کے لئے نااہل قرار دیا جائے یہ کروڑوں مسلمانوں کے دل کی آواز ہے۔

پاکستان تیسرے ٹیسٹ میں بقاء کی جنگ لڑیگا؟

پاکستان اور انگلینڈ کے مابین کھیلی جانے والی ٹیسٹ سیریز کا دوسرا میچ بارش کی نذر ہونے کے باعث ڈرا ہو گیا۔ اب پاکستان چند روز میں شروع ہونے والے تیسرے ٹیسٹ میچ میں اپنی بقاء کی جنگ لڑے گا جہاں سیریز برابر کرنے کے لئے اسے "مارو یا مر جاؤ" والی پالیسی اختیار کرنا پڑے گی، کیونکہ پاکستان پہلے ٹیسٹ میں جیتی ہوئی بازی ہار گیا تھا۔ دوسرا ٹیسٹ بغیر کسی نتیجے کے ختم ہو گیا، اب پاکستان کو سیریز برابر کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگانا ہوگا۔ پاکستان نے اس ٹیسٹ میں قومی ٹیم کے سینئر کھلاڑی فواد عالم کو گیارہ برس بعد ٹیم میں موقع دیا جہاں وہ اس موقع سے فائدہ نہ اٹھا سکے اور فقط چار گیندوں کے مہمان ثابت ہوئے، اس دوران ان کا چہرہ مایوسی کا شکار اور ان میں خود اعتمادی کا فقدان نظر آیا۔ ظاہری بات ہے گیارہ سال کا عرصہ اس بلے باز کے لئے کافی تکلیف دہ ہوتا ہے جو کافی عرصے سے ڈومیسٹک میں پرفارم کر رہا ہو لیکن اسے قومی ٹیم میں چانس نا ملے اور جب مل بھی جائے تو ایسے موقع پر جہاں عزت بچانے کے لالے پڑ جائیں۔ کیونکہ اس سے قبل ہونے والی تقریباً تین سیریز میں فواد عالم قومی ٹیم کے ہمراہ تھے لیکن ان سیریز میں انہیں کھیلنے کا موقع فراہم نہیں کیا گیا۔ اب جب موقع فراہم کیا گیا تو بارش سے متاثر میچ میں جہاں گیند بلے بازوں کے لئے مسائل پیدا کر رہی تھی اور رنز بنانا کافی مشکل تھا۔ دوسرے ٹیسٹ میچ سے قبل ٹاس جیت کر ایسی پاونسی پچ پر پہلے کھیلنے کا فیصلہ سمجھ سے باہر ہے جہاں پاور کی گیند سوئنگ کے ساتھ باونس بھی ہو رہی ہو اور سوئنگ بھی ہو رہی ہو۔ قومی ٹیم میں انگلینڈ کی نسبت اچھے اور منجھے ہوئے باولر موجود ہیں تو کیا ضرورت تھی پہلے بیٹنگ کرنے کی۔ گو دوسرے میچ میں بارش نے رنگ میں بھنگ ڈال دی لیکن اگر بارش نہ ہوتی تو شاید اظہر علی کا یہ فیصلہ ان کی اہم غلطی ثابت ہوتا۔ دس سال سے قومی ٹیم میں موجود اظہر علی آج تک میچ کی کنڈیشن کو ہی نہیں بھانپ سکے۔ حیرانی ہے پی سی بی اور سلیکشن کمیٹی پر کہ بطور کپتان جب ان کی پرفارمنس متاثر ہو رہی ہے تو ان کی جگہ کسی دوسرے کو کپتانی کے لئے تیار کر کے انہیں نائب کپتان کی سیٹ پر براجمان کر دیا جائے۔ اس سے ان کی اپنی ساکھ بھی بچ جائے گی اور قومی ٹیم کی ساکھ بھی متاثر نہیں ہوگی، کیونکہ گزشتہ دو تین سیریز میں انہوں نے جس طرح کی اننگز کھیلی ہیں وہ سب کے سامنے ہے لیکن شاید پی سی بی ان پر مکمل اعتماد کے ساتھ ہر سیریز میں بطور کپتان بھروسہ کر رہا ہے جس سے ان کی بیٹنگ شدید متاثر ہو رہی ہے۔ سیریز کا تیسرا میچ دو دن بعد اسی گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا جہاں سیریز کا دوسرا میچ بارش کے باعث ڈرا کر دیا گیا میرا خیال یہی ہے کہ اس ٹیسٹ میچ میں اسد شفیق کی جگہ شاداب خان یا اسمٰعیل خان کو میچ کھلانے میں کوئی حرج نہیں ہوتا چاہیا میدوں کے محور بابر اعظم، شان مسعود، محمد رضوان، یاسر شاہ، محمد عباس کون بازی پلٹنے میں نمایاں کارکردگی دکھاتا ہے امید ہے پوری ٹیم ذمہ دارانہ کھیل پیش کرے گی۔

اس عاشقی میں عزتِ سادات بھی گئی

ایک شخص نے کسی دانشور سے دریافت کیا حضرت! کرپشن کی تعریف کیا ہے؟ اس نے بلا تامل جواب دیا اپنے اختیارات سے

تجاوز کرنا کرپشن ہے۔ اگر اس فارمولے پر عمل کیا جائے تو ہماری پوری کی پوری بیوروکریسی اور سارے کے سارے سیاستدان کرپٹ ہو جاتے ہیں ہمارا مذہب تو ہر قسم کی کرپشن کے خلاف ہے ہمارے مذہبی، سیاسی وسماجی، مذہبی رہنماؤں اور اداروں کو کرپشن کے خلاف میدان میں آنا چاہیے جرأت مندی سے اس فتنے کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے علماء کرام حلال وحرام کے فلسفہ کو اجاگر کرنے کیلئے بڑے ممد ومعاون ثابت ہو سکتے ہیں یہ بات سب سے اہم ہے کہ ایک مسلم معاشرے میں حلال و حرام کی تمیز کے بغیر کرپشن کا خاتمہ ناممکن ہے۔ حکمرانوں کو اس سلسلہ میں بہت زیادہ محتاط ہونے کی ضرورت ہے سابقہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی اہلیہ تہمینہ درانی نے سچ کہا تھا آف شور کمپنیاں غیر اخلاقی ہیں ملکی سرمائے کی غیر قانونی ذرائع سے غیر ممالک میں منتقلی انتہائی خوفناک بات ہے دنیا کے کئی ممالک میں منی لانڈرنگ بہت بڑا جرم تصور کیا جاتا ہے کیونکہ اس سے بہت سی معاشرتی برائیاں اور جرائم جنم لے سکتے ہیں اسلام نے ہر قسم کی کرپشن کو حرام قرار دیا ہے اس کیلئے حرام اور حلال کا ایک وسیع تصور اس کے مفہوم ومعانی کا احاطہ کرتا ہے جس مذہب میں اختیارات سے تجاوز کرنا کرپشن تصور کیا جاتا ہو اس کے حکمران کے لئے کیسا معیار ہونا چاہیے اس کا خود تصور کیا جا سکتا ہے یہ الگ بات کہ اب پاکستانی معاشرے میں حرام اور حلال کی تمیز ختم ہوتی جا رہی ہے یہی مسائل کی اصل جڑ ہے دولت کی ہوس، ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی دوڑ، معاشرہ میں جھوٹی شان و شوکت اور راتوں رات امیر بننے کی خواہش نے اکثریت کو بے چینی میں مبتلا کر کے رکھ دیا ہے۔ انہی خواہشات نے اختیارات سے تجاوز کرنے پر مجبور کر رکھا ہے لیکن میاں نواز شریف فیملی پر تو اللہ کا خاص کرم رہا ہے انہیں ایسی کمپنیاں بنانے کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ یہ بات سمجھ سے بالا ہے یہ سچ ہے کہ میاں نواز شریف کی فیملی کی آف شور کمپنیوں کے انکشاف کا عوام کیلئے بہت بڑا دھچکا لگا تھا کیونکہ میاں نواز شریف کروڑوں عوام کیلئے ایک آئیڈیل کی حیثیت رکھتے ہیں ماضی میں آصف علی زرداری کی کرپشن کے قصے مشہور تھے پھر سید یوسف رضا گیلانی اور راجہ پرویز اشرف کی ایسی ہی کئی کہانیاں گردش کرنے لگیں میاں شہباز شریف اور ان کے اہل خانہ کے اربوں کھربوں کے بے نامی اکاؤنٹس نے بی بی عوام کو چکرا کر رکھ دیا ہے پھر تحریک انصاف کی حکومت میں شامل رہنماؤں کی کرپشن کی داستانیں بھی برزد عام ہو رہی ہیں سادہ دل عوام کس پر اب یقین کریں کس پر اعتماد کریں شاید اب راہبر کے روپ میں راہزن ہی لوگوں کو بے وقوف بناتے رہتے ہیں۔ لیکن کتنی عجیب بات ہے کہ ہر پارٹی کے کارکن سچ کا ساتھ دینے کی بجائے اپنے اپنے چوروں کا دفاع کرتے نظر آرہے ہیں ایک اور بات میاں نواز شریف نے جب پارلیمنٹ میں خطاب کرتے ہوئے عوام کو اپنی فیملی کے بارے میں "حقائق" بتانے کی کوشش کی اس وقت کاش وہ یہ بھی بتاتے کہ سعودی عرب والی سٹیل ملز انہوں نے کتنے میں فروخت کی؟ ان کے خاندان کی ملکیت آف شور کمپنیاں کتنی ہیں اور ان کا کاروباری سرمایہ کتنا ہے؟ اور ان کے اثاثوں کی کل مالیت کیا ہے؟ کتنا سرمایہ پاکستان سے بھیجا گیا؟ لیکن انہوں نے ادھورے حقائق بیان کر کے معاملات تشنہ چھوڑ دیئے اس مشکل کا واحد حل یہی ہے کہ قوم کو حقائق بتائے جائیں سچ میں بڑی طاقت ہوتی ہے جھوٹ کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا ایک جھوٹ کو چھپانے کیلئے ہزار جھوٹ بولنا پڑتے ہیں میاں نواز شریف فیملی کے ساتھ یہی کچھ ہوا ہر فیملی ممبر نے اتنی بھونڈے انداز میں تاویلیں دیں اتنے جھوٹ بولے کہ جھوٹ بھی شرما گیا۔ میاں نواز شریف کو پانامہ لے ڈوبا پیپلز پارٹی کے چیئرمین آصف علی زرداری اگی بھٹیرہ اور اکلوتے صاحبزادے جعلی و بے نامی بینک اکاؤنٹس اور منی لانڈرنگ کیس کے گرداب میں پھنس کر رہ گئے ہیں اور انہیں اس گھن چکر سے نکلنے کی کوئی تدبیر نہیں سوجھ رہی یہی حال بحریہ ٹاؤن کے ملک ریاض کا ہے حیرت تو اس بات پر ہے کہ نامی گرامی لوگ نیب سے ڈرتے ہیں خدا سے نہیں انسان اگر خدا سے ڈر جائے تو نہ جانے کتنے گناہوں سے بچ سکتا ہے لیکن لالچ، ہوس اور دولت سے محبت نے اتنے مسائل پیدا کر دیئے ہیں کہ انسان سکون کو ترستا پھر رہا ہے موجودہ اور سابقہ حکمرانوں کو اس حقیقت کو ادراک کرنا ہوگا قوم کو ادھورے سچ قبول نہیں ہیں زندہ قومیں ہی فتحیاب ہوتی ہیں زندہ قوموں کو سچائی سے پیار ہوتا ہے ہمیں بھی ایک زندہ قوم ہونے کا ثبوت دینا ہوگا ورنہ اس عاشقی میں عزت سادات جانے کا محاورہ سچ ثابت ہو جاتا ہے۔ ہر جائز ناجائز طریقے سے دولت اکٹھی کرنے کی خواہش انتہائی خوفناک ہے نہیں جانتے تو پھر یہ جان لو کہ خواہشیں انسان کو رسوائی بھی دے سکتی ہیں۔ محبت بھی نفرت بھی۔۔۔ خواہشیں مقدر بدل بھی سکتی ہیں خواہشوں کی کوئی انتہا نہیں۔۔ خواہشات جس دل میں گھر بنالیں اس کا سلسلہ لامتناہی دراز ہو جاتا ہے جن بھوت چمٹ جائیں تو وہ انسان کو چھوڑ کر جا سکتے ہیں خواہشیں دل سے نہیں جاتیں اس لئے انسان کے لئے ضروری ہے کہ خواہشات کی تکمیل کیلئے کوئی ایسا گھناؤنا کام نہ کرے کہ اس سے انسانیت کو شرم محسوس ہو اسے خود اپنے آپ سے شرمساری ہو۔ خود اپنی نظروں میں آپ گرنا کنویں میں گرنے سے بدتر بلکہ بدترین ہے افسوس صد افسوس ہر باختیار یہ ماننے کو تیار نہیں کہ انسان خسارے میں ہے۔

موسم برسات میں احتیاطی تدابیر

آپ سب جانتے ہیں کہ مون سون بارشوں کا سلسلہ جاری ہے گزشتہ رات سے صوبہ پنجاب سمیت وطن عزیز پاکستان کے دیگر شہروں میں موسلا دھار بارشیں ہو رہی ہیں محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ یہ سلسلہ چند روز جاری رہے گا اور اس حوالے سے مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر اختیار کرنے سے جانی ومالی نقصان سے بچا جا سکتا ہے، روزانہ گھر سے نکلنے سے پہلے



شہر کے حالات اور موسم سے متعلق آگہی ہونا ضروری ہے، گلیوں، سڑکوں کے اطراف لگے بجلی کے کھمبوں اور خاص طور پر گری تاروں کے پاس گزرنے سے مکمل اجتناب کریں، گھروں میں بچوں کو بجلی کے آلات اور ساکٹ سے دور رہنے کی تلقین کرتے رہیں گیلے ہاتھ اور ننگے پاؤں بجلی کے آلات کو چھونے سے گریز کریں، خاص طور پر استری، واشنگ مشین کو چلاتے ہوئے احتیاط برتیں گیلے ہاتھوں سے دروازے کی گھنٹی بجانے سے اجتناب برتیں بارش اور تیز ہوا میں بجلی کے ٹرانسفارمر کے قریب گزرنے سے گریز کریں، گھر میں کیبل کی تار کو گیلے یا ننگے پاؤں چھونے سے بھی اجتناب برتیں، نشیبی علاقوں میں رہائش پذیر ہیں اپنا قیمتی سامان بالائی منزل پر یا گھر میں اونچی جگہ پر شفٹ کریں، گھر میں چھت یا دیواروں کی سیج، ڈرینج سسٹم اور گٹر باقاعدگی سے چیک کرواتے رہیں تاکہ زیادہ بارش میں نکاسی میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو سکے، گھر میں، لیمپ، ٹارچ، ماچس، موم بتیاں بھی لازمی ہونی رکھیں، پینڈسٹل فین، بجلی تار یا ٹوٹی ہوئی تار کو ہاتھ لگانے سے پہلے سوئچ بند ہونے کی تسلی کر لیں، الیکٹریشن سے ٹوٹی تاریں درست کروائیں، دوران بارش کسی بھی بجلی کی چیز کو ننگے پاؤں یا گیلے ہاتھ نہ لگائیں، موٹر پمپ کو گیلے ہاتھوں چھونے سے مکمل اجتناب برتیں غیر ضروری بجلی کے آلات کو بند رکھیں اگر گھر میں پانی داخل ہو جائے تو گیس اور بجلی کے مین سوئچ بند کر دیں گلی سڑک پر موجود بجلی کے کھمبوں اور سائن بورڈ سے دور رہیں، ایمرجنسی کی صورت میں ریسکیو اداروں کو مدد کے لئے فون کریں اور ان اداروں کے نمبر واضح طور پر گھر میں لکھ لیں تاکہ وقت ضرورت نمبر تلاش کرنے میں وقت ضائع نہ ہو، ڈرائیونگ کرتے وقت بڑی گاڑیوں خصوصاً ٹرک اور بسوں کے پیچھے گاڑی مت چلائیں کیونکہ یہ گزرتے وقت پانی پھیلاتی ہیں اور وہ گاڑی کی اسکرین پر گرنے کا احتمال ہوتا ہے جس سے ڈرائیونگ میں دشواری پیش آسکتی ہے، بارش میں گاڑی کی ہیڈ لائٹس آن رکھیں اور سامنے والی گاڑی کے اشاروں کو دیکھ کر ڈرائیو کریں، غیر ضروری طور پر بارش میں سفر کرنے سے گریز کریں اور سڑک کے بیچ کھڑے پانی میں سے گاڑی گزارنے سے اجتناب کریں، پہاڑی علاقوں میں خطرناک جگہوں میں جانے سے گریز کریں اور سرکنے والی جگہوں سے گزرتے ہوئے انتہائی احتیاط کریں اور گاڑی انتہائی احتیاط سے چلائیں، طبی وبائی امراض خصوصاً ہیضہ جلدی بیماری سے بچنے کیلئے بروقت حفاظتی ٹیکے لگوائیں اور احتیاطی تدابیر اختیار کریں، سیلابی ریلے، ندی نالوں اور دریاؤں کو پیدل یا کسی سواری کے ذریعے عبور کرنے کی کوشش نہ کریں، برساتی نالوں اور سیوریج سسٹم کے اندر کوڑا کرکٹ، ملبہ خصوصی پلاسٹک بیگ اور بوتلیں پھینکنے سے اجتناب کریں، پالتو جانوروں کو حفاظتی ٹیکے لگوائیں اور ان کے چارے کا بندوبست کر کے رکھیں دوران بارش ڈرائیونگ سے گریز کریں، گاڑی، موٹر سائیکل کی رفتار کم رکھیں اور آگے والی گاڑی سے مناسب فاصلہ رکھیں، چند ایک احتیاطی تدابیر اختیار کر کے ہم اپنی اور دوسروں کی زندگیاں بڑے حادثات سے بچا سکتے ہیں اللہ تعالیٰ ہر ایک کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔

☆ آمین ☆

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر پر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

سندھ کابینہ نے کراچی کو 7 اضلاع میں تقسیم کرنے کی منظوری دے دی۔ خبر

اُف۔۔۔ میر حاصل بزنجو رخصت ہوئے

بلوچستان کے سیاسی افق کا ایک روشن ستارہ بکھر گیا۔ 1958 میں نال کے مقام پر ابھرنے والے سورج ڈوب گیا۔

نیشنل پارٹی کے رہنما سینیٹر میر حاصل خان بزنجو انتقال کر گئے ہیں۔ وہ پھیپھڑوں کے سرطان میں مبتلا تھے اور کراچی کے ایک نجی اسپتال میں زیر علاج تھے۔

حاصل بزنجو نے 70 کی دہائی میں بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے پلیٹ فارم سے سیاست کا آغاز کیا۔ 1972 میں بی ایس او نال زون کے صدر اور بعد میں تنظیم کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری منتخب ہوئے۔ 1987 میں بی ایس او اور بی ایس او عوامی کے اتحاد کے خلاف تنظیم سے علیحدگی اختیار کی۔ حاصل بزنجو جامعہ کراچی میں اسلامی جمعیت طلبہ کے خلاف تشکیل دیے جانے والے قوم پرست اور ترقی پسند طلباء کے اتحاد یونائیٹڈ اسٹوڈنٹس موومنٹ کے چیئرمین بھی رہ چکے ہیں۔ 1985 تحریک بحالی جمہوریت (ایم آر ڈی) میں متحرک رہے۔ 1988 میں پاکستان نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کی اور نال سے انتخابات میں حصہ لیا۔ 1989 میں والد کی وفات کے بعد پاکستان نیشنل پارٹی کی سرگرمیوں میں زیادہ فعال ہو گئے جس کی قیادت ان کے بڑے بھائی میر بیزن بزنجو نے سنبھالی۔ بیزن بزنجو 1990 کے عام انتخابات قومی اسمبلی کی دو نشستوں پر کامیاب ہوئے بعد ازاں ایک نشست چھوڑ دی جس پر حاصل بزنجو نے انتخاب لڑا اور پہلی دفعہ قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔ 1996 میں حاصل بزنجو پاکستان نیشنل پارٹی کے صدر منتخب ہوئے۔ 1997 کے عام انتخابات میں وہ دوسری بار قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔ جنرل پرویز مشرف کے دور میں حکومت کے خلاف تقریر کرنے کی پاداش میں انہیں کچھ عرصہ قید بھی کاٹنی پڑی۔ 2002 میں ان کی پارٹی اور بلوچ نیشنل موومنٹ کا الحاق ہوا اور نیشنل پارٹی کی بنیاد رکھی گئی جس کے چیف آرگنائزر ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ اور ڈپٹی آرگنائزر حاصل بزنجو منتخب ہوئے۔ پارٹی کے پہلے کنونشن میں جنرل سیکرٹری اور دوسرے کنونشن میں سینئر نائب صدر منتخب ہوئے۔ 2009 میں بلوچستان سے سینیٹر منتخب ہوئے۔ ان کی جماعت نیشنل پارٹی نے آل پارٹیز ڈیموکریٹک موومنٹ کے پلیٹ فارم سے فروری 2008 کے انتخابات کا بائیکاٹ کیا۔ میر حاصل بزنجو نے 1958 میں ضلع خضدار کی تحصیل نال میں بلوچستان کے سابق گورنر میر غوث بخش بزنجو کے گھر میں آنکھ کھولی۔ ابتدائی تعلیم نال ہائیر سکول نال سے حاصل کی۔

نیشنل پارٹی کے مرکزی قائد سابق وفاقی وزیر سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کراچی میں انتقال ہوا، اہل خانہ کی تصدیق طبیعت کی خرابی کے باعث آغا خان ہسپتال میں داخل ہو گئے تھے میر حاصل خان بزنجو گزشتہ کچھ مہینوں سے پھیپھڑوں کے سرطان میں مبتلا رہے ہیں اور ان کا علاج آغا خان ہسپتال میں چل رہا تھا طبیعت کی خرابی کے باعث ان کو ہسپتال میں داخل کر دیا گیا تھا جہاں وہ جانبر نہ ہو سکے اور اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے نیشنل پارٹی کے رہنما سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا

مرحوم ایک قد آور سیاسی رہنما اور نفیس شخصیت کے مالک تھے۔ مرحوم نے ایک سیاسی ورکر کے طور پر ساری زندگی سیاسی جدوجہد کی۔ میر حاصل خان بزنجو بلوچستان کی سیاسی آواز تھے جنہوں نے ہمیشہ صوبے کے حقوق کی بات کی۔ میر حاصل خان بزنجو کی وفات سے ملک اور صوبہ ایک اہم سیاسی شخصیت سے محروم ہو گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی میر حاصل خان بزنجو کی مغفرت اور سوگوار خاندان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے

وزیر اعلیٰ کمیٹی کے ممبر معروف قبائلی شخصیت بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما ملک مصلح الدین مینگل نے بلوچستان کے معروف قوم پرست سیاست دان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کے وفات پر انتہائی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا میر حاصل خان بزنجو بلوچستان کے قابل ترین سیاسی رہنما تھے انہوں نے بلوچستان کے عوام کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیے تھے ان کی وفات سے بلوچستان کے عوام ایک مخلص عوام دوست لیڈر سے محروم ہو گئے اللہ پاک میر حاصل خان بزنجو کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ ا برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے دکھ کی اس گھڑی میں ہم ان کے خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں

ترجمان کے مطابق میر حاصل بزنجو کی میت خضدار میں ان کے آبائی گاؤں نال لے جائی جائے گی، جہاں کل شام 5 بجے نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد سپرد خاک کیا جائے گا۔

نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل جان محمد بلیدی نے میر حاصل بزنجو کے انتقال پر دس روزہ سوگ کا اعلان کیا ہے اس دوران پارٹی پرچم سرنگوں رہے گا۔

میر حاصل خان بزنجو 3 فروری 1958 کو بلوچستان کے علاقے نال میں پیدا ہوئے، ان کے والد میر غوث بخش بزنجو صوبے کے نامور سیاست دان تھے۔ حاصل خان بزنجو 1990 میں پہلی مرتبہ قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے، جبکہ 1997 میں وہ دوبارہ قومی اسمبلی کے رکن بنے۔

حاصل بزنجو نے 2003 میں بلوچستان نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی (بی این ڈی پی) کی بنیاد رکھی، بعد میں جس کا نام تبدیل کر کے نیشنل پارٹی رکھا گیا۔

میر حاصل بزنجو 2009 میں بلوچستان سے سینیٹر منتخب ہوئے۔

میر حاصل بزنجو 2014 نیشنل پارٹی کے صدر بنے، 2015 میں دوبارہ سینیٹر بنے، 2016 میں نواز شریف کی حکومت میں پورٹ اینڈ شپنگ کے وفاقی وزیر بھی رہے۔

میر حاصل بزنجو اپوزیشن جماعتوں کی رہبر کمیٹی کے فعال رکن بھی تھے۔

میر صاحب کے انتقال پر ملال پر مختلف شخصیات کا اظہار تعزیت کی ہے۔ سینیٹر حاصل بزنجو کے انتق

شال بقیہ 1

پاکستان کو بلیک لسٹ میں شامل کردیا گیا تو اس کی ذمہ داری اپوزیشن پر ہوگی، مریم نواز شریف کوئی سیاسی رہنما نہیں ، انہیں پارٹ ، وراثت میں ملی، مریم نواز تقریریں کرنے کی بجائے نیب کے سوالات کے جواب دیں۔ ہفتہ کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (ایف اے ٹی ایف) کی بلیک لسٹ میں جانے کی وجہ سے غیر ملکی سرمایہ کار پاکستان سرمایہ کاری کرنے سے کترائیں گے اور کرنسی پر بھی دباؤ آئے گا، چیزیں مہنگی ہوجائیں گی جس سے عوام کو تکلیف پہنچے گی۔انہوں نے کہا کہ ایف اے ٹی ایف کی بلیک لسٹ میں آنے کے نقصانات جانتے ہوئے بھی ہم نے دیکھا کہ اپوزیشن اس پر بھی سیاست کررہی ہے اور سیاست تو انہوں نے حکومت کے پہلے دن کہ جب وزیراعظم نے حلف اٹھایا تھا اسی روز سے شروع کردی تھی، یہ پہلے دن سے کہنا شروع ہوگئے تھے کہ حکومت ناکام ہے۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ بنیادی طور پر یہ ہمیں اس لیے ناکام کرنا چاہتے ہیں کہ اس کی آڑ میں چاہے اس سے ملک کو نقصان پہنچے اس کی انہیں کوئی پرواہ نہیں ہے، انہیں پرواہ ہے تو صرف اپنے لوٹے ہوئے پیسوں کو بچانے کی ہے۔ وزیراطلاعات نے کہا کہ یہ مسلسل بلیک میل کرتے آئے ہیں اور انہوں نے ہمیشہ این آر او مانگا ہے پھر یہ کہتے ہیں کہ این آر او کس نے مانگا تو جب اسمبلی کے سارے اجلاس دیکھ لیں اور جب کووڈ 19 آیا تو وہ ایسی صورتحال تھی کہ جس میں ہمیں عمل یکجہتی دکھانی تھی انہوں نے اس وقت بھی ہم پر دباؤ ڈالا کیوں کہ ان کا مقصد یہی تھا کہ یا تو بلائیں اتنی ہوجائیں کہ حکومت کا تختہ الٹ دیا جائے یا مالی صورتحال اتنی نازک ہوجائے کہ اس وقت بھی حکومت جانے کے کا امکان ہوگا جس سے ان کے پیسے محفوظ رہیں اور جیل جانے سے بھی بچ سکیں گے تاہم وزیراعظم عمران خان کہ جن کی نیت کے بارے میں دشمن بھی کہتے ہیں کہ ان کی نیت ٹھیک ہے اور وہ ملک، عوام خاص کر غریب عوام کے لیے کام کرنا چاہتے ہیں، انہوں نے نیک نیتی سے غریبوں کا روزگار جاری رکھنے کا فیصلہ کیا۔انہوں نے کہا کہ دوسری جانب اپوزیشن یہ چاہتی تھی کہ لوگ بھوک سے بے شک مرجائیں لیکن کورونا سے نہ مریں جو عجیب منطق تھی لیکن وزیراعظم نے مستقل مزاجی سے اسمارٹ لاک ڈاؤن کا فیصلہ کیا اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس مشکل سے نکال دیا۔

شال بقیہ 2

دہشت گردی کا شکار افراد اور ان کے خاندانوں سے اظہار یکجہتی کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام گذشتہ دو دہائیوں کے دوران دہشت گردی کا نشانہ بنے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے 70 ہزار افراد دہشت گردی کا شکار ہوئے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی وجہ سے پاکستان کو 120 ارب ڈالر کا نقصان ہوا،انہوں نے کہا کہ ملک کی حفاظت کیلئے ہزاروں بہادر جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان کیلئے قربانی دینے والے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے تعلق رکھنے والے شہدا کے خاندانوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام اور حکومت اپنے بہادروں کی قربانیوں کو فراموش نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہمیں بھارت کے غیر قانونی قبضے کا شکار مقبوضہ کشمیر کے عوام کو بھی یاد رکھنا ہوگا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ بھارتی غیر قانونی قبضے کا شکار مقبوضہ کشمیر کے عوام بدترین ریاستی دہشت گردی کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی قابض افواج نے 1990 سے اب تک 1 لاکھ کشمیریوں کو شہید کیا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارتی قابض افواج نے 22000 خواتین کو بیوہ کیا، 1 لاکھ 8 ہزار بچوں کو یتیم اور 11000 خواتین کی عصمت دری کی۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت کی ریاستی دہشت گردی میں گذشتہ سال 5 اگست کے بعد شدت آئی ہے۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ عالمی برادری ریاستی دہشت گردی اور انسانیت کے خلاف جرائم میں ملوث بھارت کے سول اور فوجی حکام کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ حکومت پاکستان دہشت گردی کے خاتمے کیلئے عالمی برادری کے ساتھ ہے۔

شال بقیہ 3

بارش ہوئی پہاڑی سلسلوں میں تیز طوفانی بارش سے ندی نالوں میں طغیانی آگئی اور رابطہ سڑکیں متاثر ہوگئیں جب کہ پنجاب قومی شاہراہ پر ٹریفک معطل ہیں جس کے باعث گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں ہرنائی میں سیلاب کے خدشے کے پیش نظر نشیبی علاقوں کے مکینوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کردیا گیا دوسری جانب بولان ندی میں طغیانی سے گیس پائپ لائن ٹوٹ گئی جس کے باعث مچھ کو گیس کی فراہمی منقطع ہوگئی۔

شال بقیہ 4

پرچمن کے مقامی تاجروں اور سرحد پر چھوٹے پیمانے پر کاروبار کرنے والے مزدوروں نے احتجاج کیا۔ احتجاج کا یہ سلسلہ دو ماہ سے زائد عرصہ جاری رہا اس دوران افغانستان اور پاکستان کے درمیان تجارت اور آمدورفت معطل رہی۔ 30 جولائی کو سرحد کی بحالی کے لیے احتجاج کرنے والے مظاہرین اور سکیورٹی فورسز کے درمیان جھڑپ بھی ہوئی جس میں پانچ افراد ہلاک اور پندرہ افراد زخمی ہوئے۔ احتجاج ختم کرانے اور سرحد پر آمدورفت کو قانونی بنانے کے لیے بلوچستان حکومت نے دو کمیٹیاں تشکیل دی تھیں غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق صوبائی وزیر داخلہ ضیا اللہ لانگو کی سربراہی میں کمیٹی نے مظاہرین سے مذاکرات بھی کیے جس کے بعد صوبائی حکومت کے نمائندوں نے وفاقی حکومت اور اعلیٰ فوجی حکام کے ساتھ سرحد کی بحالی کے لیے بات چیت کی۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے ایک عہدے دار نے بتایا کہ وفاقی حکومت نے چمن سرحد کو دو مارچ سے پہلے والی پوزیشن پر بحال کردیا ہے۔

شال بقیہ 5

اور مشاورت کی، بلاول بھٹو کو کراچی آرگنائزیشن کمیٹی کے سربراہ وقار مہدی نے کراچی کی صورت حال پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں کراچی میں پی پی پی کی تنظیم نو کے حوالے سے بھی مشاورت کی گئی اور بلدیاتی اداروں کے خاتمے کے بعد کراچی میں ایڈمنسٹریٹرز کی تعیناتی کا معاملہ بھی زیر غور آیا۔ اجلاس میں پی پی پی شعبہ خواتین کی مرکزی صدر فریال تالپور، پی پی پی سندھ کے صدر نثار کھوڑو، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، سابق وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، سعید غنی، تاج حیدر، راشد ربانی، نجمی عالم، صوبائی وزیر ناصر شاہ، فضل بخش بھٹو، دیگر شریک ہوئے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے پارٹی کی تنظیم نو سے متعلق اہم فیصلے کیے ہیں، معتبر ترین ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی تنظیم نو کا فیصلہ کیا گیا ہے، پیپلز پارٹی اور پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی تنظیم نو مرحلہ وار ہوگی۔ پہلے مرحلے میں مرکز اور پنجاب کی سطح پر تنظیم نو ہوگی، پیپلز پارٹی اور پارلیمنٹیرینز کے مرکزی عہدوں پر اہم تبدیلیوں کا امکان ہے، پارٹی کے نائب صدر اور سیکریٹری جنرل، پیپلز پارٹی شمالی پنجاب کے صدر سمیت اہم عہدوں کے لیے نئے نام طلب کیے گئے ہیں اور پارٹی کی سیاسی صف بندی کے لیے تحریری طور پر تجاویز مانگی ہیں۔

شال بقیہ 6

لیکچرز کے ڈائریکٹر اور بیک ٹیم کی کاوشوں کو سراہا اور پروفیسر سے مختلف مضامین کے کورس کو سمارٹ بنانے کے اغراض ومقاصد پر باکی ویز تعلیم نے اس موقع پر مختلف کالجز کے پرنسپلز اور پروفیسر سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بحیثیت استاد ہمیں اپنے مرتبے کو پہچانا ہوگا اور اپنی کارکردگی کو ہر صورت میں بہتر بنانا ہوگا کیونکہ آنے والے وقت میں پروفیسر کی ترقی کارکردگی کی بنیاد پر ہوگی تاکہ سینیٹر ہونے پر۔ اس موقع پر ڈائریکٹر کالجز رہا یہ حمید درانی، جوائنٹ ڈائریکٹر کالجز باہوخان، جوائنٹ ڈائریکٹر بیک پروفیسر شبانہ سلطان بھی موجود تھے، آخر میں وزیر تعلیم سردار یار محمد رند کے مختلف کالجز کے پرنسپلز میں کویڈ 19 سے متعلقہ کٹ تقسیم کی تقریب کے آخر میں سردار یار محمد رند کی خصوصی آمد کا شکریہ ادا کیا گیا ڈائریکٹر بیک پروفیسر سعد اللہ خان توخی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ وزیر تعلیم اور سیکرٹری کا کورس سمارٹ بنانے کے عمل میں خصوصی دلچسپی لینے کا شکریہ ادا کیا۔

شال بقیہ 7

دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگ تدریسی نظام اور معیاری تحقیق سے پورے نظام تعلیم اور نصاب تعلیم کی بنیادیں مضبوط اور مستحکم ہوجاتی ہیں، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر علی نواز مینگل نے گورنر بلوچستان کو ادارے کی کارکردگی، آئندہ کے لائحہ عمل، کویڈ۔ نائنٹین کے دوران آن لائن کلاسز اور مقررہ وقت پر امتحانات کے انعقاد سے آگاہ کیا۔ انہوں نے اس بات پر یقین کا اظہار کیا کہ ہماری شعوری جدوجہد اور بھرپور توجہ سے ملک وصوبے کی ترقی وخوشحالی یقینی بن جائیگی۔

شال بقیہ 8

کے عوام تادم مرگ خدمات کے انجام دہی پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور انکے فیملی اور نیشنل پارٹی کو یہ صدمہ برداشت کرنے کیلئے دعا کی ہے، دریں اثناء صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے پی اے پی کے عہدیداروں اور کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حلقے میں ہمارے منظور کردہ ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے انہوں نے کارکنوں اور عہدیداروں پر زور دیا ہے کہ وہ ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کرکے پی سی ون کے مطابق اور وقت مقررہ پر ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کیلئے تعمیراتی کاموں کی حکومت کے ساتھ ساتھ پارٹی ورکرز بھی نگرانی کرے۔

شال بقیہ 9

مسائل کے حل کیلئے موثر انداز میں جدوجہد کررہے ہیں گزشتہ عام انتخابات میں پارٹی امیدوار نے تمام وسائل کے باوجود سینکڑوں ووٹ لئے تھے ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت بی این پی کے علاقائی رہنماؤں کو انتقام کا نشانہ بنایا جاتا ہے ان کی استحقاق مجروح کرنے کے لیے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں اس سے قبل بھی پارٹی رہنماؤں کے ساتھ غیر انسانی سلوک روا رکھا گیا تاکہ ہمیں عوام کے بنیادی حقوق سے دستبردار کرائیں پارٹی کا تین رنگہ جھنڈا، پارٹی قائد کے اصولی موقف سے پارٹی عہدیداروں کو ہٹانے کی ناکام سازش کی جارہی تھیں انہوں نے کہا کہ جیکب آباد اگزٹی خیبر واقعہ کا خبردار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اوچھے ہتھکنڈوں سے پارٹی عہدیداران مرعوب ہوں گے نہ ہی عوامی خدمت سے دستبردار کرایا جاسکتا ہے اور نہ ہی اپنے دوستوں، ساتھیوں کے خلاف انتقامی کارروائی کی کسی کو اجازت دیں گے انتقامیہ اپنا قبلہ درست کرے ہمارے کارکنان لاوارث نہیں ہے انہوں نے کہا کہ بہت سے لوگوں کو علاقے میں پارٹی کی بڑھتی ہوئی مقبولیت ہضم نہیں ہورہی علاقے کی عوام نے بی این پی کو اپنا نجات دہندہ جماعت سمجھ لیا ہے، اس طرح کے غیر جمہوری اقدامات سے پارٹی کو کمزور نہیں کیا جاسکتا۔

شال بقیہ 10

قبول نہیں، ہماری بات کو تسلیم کرنا بڑی کامیابی ہے ،اپریل 2021 میں پورے ملک کے سکولوں میں یکساں نصاب ہوگا۔ جمعہ کو وزارت تعلیم کی دو سالہ کارکردگی پر بریفنگ دیتے ہوئے وزیر تعلیم شفقت محمود نے کہا کہ کورونا کی وبا کی وجہ سے ہمیں بڑے چیلنجز سے نبرد آزما ہونا پڑا، وزارت تعلیم کو ایسے مسائل کا سامنا کرنا پڑا جس کی تاریخ میں کوئی مثال نہیں، دو سال میں وزارت تعلیم کو بڑے بڑے فیصلے کرنے پڑے، متفقہ طور پر مشاورت سے تعلیمی دارے پندرہ ستمبر کو کھولنے کا فیصلہ کیا گیا، باہمی مشاورت سے نویں دسویں گیارہویں اور بارہویں کے ہزاروں بچوں کو اگلی کلاسز میں پروموٹ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک فارمولا بنایا جس کے تحت انٹیس بورڈز نے عمل کیا۔ شفقت محمود نے کہا کہ ہم ایک مشکل پریڈ سے گزرے ہیں۔

شال بقیہ 11

انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے آپس میں اتحاد قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ اسلام امن، بھائی چارے اور برداشت کا درس دیتا ہے، اسلام فرقہ واریت، انتہا پسندی اور تعصب کی نفی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ علمائے کرام اور مذہبی اسکالرز کو مختلف مکاتب فکر کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے میں کردار ادا کرنا چاہیے، اسلام کے حقیقی پیغام کو پھیلانے میں علمائے کرام پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔

شال بقیہ 12

ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے تعاون اور حکومت کی حکمت عملی سے کورونا کیسز میں کمی ہوئی ہے تاہم خطرہ اب بھی موجود ہے۔ اسد عمر نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ محرم الحرام میں بے احتیاطی اور سکول کھلنے کے بعد اس وباء کے پھیلاؤ میں تیزی آسکتی ہے، این سی او سی صوبوں کے تعاون سے کورونا کیسز میں اضافے کو روکنے کیلئے ہر موقع پر تیار ہے۔

شال بقیہ 13

گے، کیسز کی ساعت 12 ستمبر تک جاری رہے گی اور اس دوران 118 لاپتہ افراد کے کیسز سنے جائیں گے، ساعت میں شامل لاپتہ افراد کا تعلق بلوچستان کے مختلف اضلاع سے ہے، لاپتہ افراد کی بازیابی کے سلسلے میں کمیشن وفاقی حکومت نے تشکیل دیا تھا۔

شال بقیہ 14

رخصت کرجانا ناقابل تلافی نقصان ہے اور ان کی خلاء مدتوں پر نہیں ہوسکے گا۔ انہوں نے کہا کہ میر حاصل خان بزنجو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک کیلئے عظیم رہنماء اور سیاستدان تھے ، انہوں نے آئین ، متفقہ ، اور پارلیمنٹ کی بالادستی کے لئے ہمیشہ جدوجہد جاری رکھی اور اپنے والد بابائے بلوچستان کے نقش قدم پر چل کر کسی بھی مرحلے پر سیاسی خلاء کو ادھورا رہنے نہیں دیا۔ وہ پارلیمنٹ کی زینت تھے جب بھی بولتے تو متوسط طبقات کی بہتر انداز میں نمائندگی کرتے ، جو موقف اپناتے اس پر اس پر کاربند رہنے کو اپنے لئے لازمی تصور کرلیتے ، رکن بلوچستان اسمبلی میر نعمت اللہ خان زہری کا کہنا تھا کہ میر حاصل خان بزنجو صوبوں اور وفاق کے درمیان یکجہتی اور اتحاد و اتفاق کی علامت تھے ۔ بلوچستان کی شورش میں بھی اس نے پاکستان زندہ باد کا نعرہ بلند کیا۔

شال بقیہ 15

ہزار 588 تک جا پہنچی ، فعال کیسز کی تعداد 11 ہزار 790 ہے اور صحتیاب ہونے والے مریضوں کی تعداد دو لاکھ 73 ہزار 579 ہو گئی۔ این سی او سی کے مطابق ملک بھر میں مجموعی اموات کی تعداد 6219 ہوگئی ، سندھ میں کورونا مریضوں کی تعداد ایک لاکھ 27 ہزار 381 ، دوسرے نمبر پر پنجاب ہے جہاں 95 ہزار 958 ، کے پی میں 35545 ، بلوچستان میں 12424 ، اسلام آباد میں 15453 ، آزاد جموں و کشمیر 2223 اور گلگت بلتستان میں 2604 افراد اس مرض سے متاثر ہوئے۔

شال بقیہ 16

ہیومن ریسورس خالد شہزاد ورک وباء کے باعث خالق حقیقی سے جاملے۔ وہ ہمارے ہسپتال کے بانی رکن میں شامل تھے۔ ان کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ ان کی خدمات کے پیش نظر ہسپتال میں کوئی وارڈ یا کمرہ ان کے نام سے منسوب کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے ڈاکٹر اے کیو خان ہسپتال ٹرسٹ کے ہیڈ آفس میں خالد شہزاد ورک کی یاد میں تعزیتی ریفرنس سے ٹیلیفونک خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تعزیتی ریفرنس میں سی ای او شوکت ورک، جنرل منیجر فاروق بلوچ، ڈائریکٹر سہیل مغل اور دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر شوکت ورک نے اپنے خطاب میں خالد شہزاد ورک کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ تعزیتی ریفرنس کے اختتام پر فاتحہ خوانی اور دعا بھی کی گئی۔

شال بقیہ 17

کہا کہ دونوں ملک مشترکہ اسلامی اقدار کے حامل ہیں، پاکستان اور سعودی عرب کا تعلق ایک دلوں کا رشتہ ہے۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ پاکستان کے عوام خادمین حرمین شریفین کا بے حد احترام کرتے ہیں۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ شہزادہ محمد بن سلمان کے وژن 2030 کو سراہتے ہیں، یہ موجودہ دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا کی مشکل صورتحال کے باوجود سعودی حکومت نے امسال حج کے لئے موثر انتظامات کئے۔ دونوں اطراف نے میڈیا اور ثقافت کے شعبوں میں تعاون کو تقویت دینے پر اتفاق کیا۔ ٹی وی ڈراموں کے تبادلے اور ایک دوسرے کے ممالک میں فلموں کی نمائش پر زور دیا۔ ملاقات میں مسلمان مشاہیر کی زندگی، ان کی کامیابیوں اور اسلامی اقدار کو اجاگر کرنے والے پروگراموں کی تیاری پر اتفاق کیا گیا۔ سعودی سفیر نے کہا کہ سعودی عرب پہلا ملک تھا جس کا وزیراعظم عمران خان نے دورہ کیا۔ سعودی سفیر کے مطابق سعودی عرب وزیراعظم کیلئے نیک تمناؤں کے اظہار اور حمایت کیلئے سب سے آگے رہا۔ سعودی سفیر نے وزیراطلاعات کو سعودی عرب میں کورونا صورتحال کے متعلق آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب میں کورونا کیسز میں واضح کمی آئی ہے۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ پاکستان بھی کورونا صورتحال سے کامیابی کے ساتھ نبرد آزما ہوا ہے، اگر لیڈر غریبوں کا احساس کرے تو اللہ تعالیٰ بھی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مدد عطا کرتے ہیں۔

شال بقیہ 18

ساسولی سردار زادہ میر ظفر زہری، گمری بشیر بیک، یونس گنگو، آغا ثناء اللہ شاہ، عتیق ساجدی، نذیر نقوانی، نماز جنازہ میں بی اے پی کے رہنماؤں حاجی جاوید سوز، میر احمد خان گنگو، نیم بیک، سکندر حسنی، ظہور زہری، شکیل صابر، ممتاز بلوچ، اکرم لہڑی کا کا صمید، عنایت جام، اسماعیل مینگل، عنایت جام، مجیب ساسولی، میر طارق ساسولی، بالاں خان، نقوانی، عبداللہ ساسولی، انور ساسولی و دیگر بھی موجود تھے اور تاجر برادری سے تعلق رکھنے والے شخصیت علی احمد، محمد حسنی، عبداللہ، محمد حسنی، بارون محمد حسنی، صحافی حضرات عبدالباری، محمد حسنی، احمد محمد حسنی اور دیگر سینکڑوں لوگوں نے ۰۰ میر غوث بزنجو کے فرزند نیشنل پارٹی مرکزی رہنما سینیٹر سابقہ وفاقی وزیر میر حاصل خان بزنجو کی نماز جنازہ اس کے آبائی علاقہ تالی میں ادا کیا گیا نماز جنازہ میں ہزاروں سیاسی قبائلی لوگوں نے شرکت کی نماز جنازہ میں بی این پی کے رہنماء میر کریمین مینگل، ثنا بلوچ، حاجی احمد نواز بلوچ ، نیشنل پارٹی کے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، سردار فتح محمد حسنی، میر ظفر اللہ زہری بلوچستان ہزاروں قبائلی سیاسی لوگوں نے شرکت کی اللہ پاک میر صاحب کو جنت الفردوس میں جگہ دیں۔

شال بقیہ 19

مالیاتی سٹیٹمنٹ، سورس آف فنڈز اور آڈٹ رپورٹ کمیشن میں جمع کرانا لازمی ہے، سیاسی جماعتیں آرڈر 2002 کی سیکشن 13 کے تحت یہ تفصیلات کمیشن میں جمع کرائیں، سیاسی جماعتیں اپنے اثاثوں اور آڈٹ کی تفصیلات 29 اگست تک جمع کرادیں تفصیلات جمع نہ کرانے والی جماعتوں کو انتخابات میں نشان الاٹ نہیں کیا جائے گا، اب تک 126 سیاسی جماعتوں میں سے صرف 16 نے اپنے اثاثوں اور آڈٹ تفصیل جمع کرائی ہیں۔

شال بقیہ 20

ڈوب گئے، کچرنالہ ایک بار پھر بپھر گیا، شاہ مان نالہ بھی چوک ہونے کے باعث اوور فلو ہونے پر اطراف کی شاہراہیں ندی نالوں کا منظر پیش کرنے لگیں، نکاسی کے لیے کوئی مشینری اور عملہ نہیں پہنچا۔ کئی حسن قبرستان جانے والا روڈ، شاہ مان دو نمبر، کے ڈی اے فلیٹس کے اطراف کئی کئی فٹ پانی جمع ہوگیا ہے، جس سے شہریوں کی آمدورفت منقطع ہوگئی، کئی شہریوں کی گاڑیاں پانی میں خراب ہوگئیں۔

شال بقیہ 21

دھچکا اور نقصان ہوا ہے امید ہے کہ نیشنل پارٹی اور اس کے قائدین میر حاصل بزنجو کے آرمانوں کی تکمیل کیلئے اپنا کردار ادا کرینگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا پشتونخواملی عوامی پارٹی کے سینیٹر عثمان خان کاکڑ نے پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی اور پارٹی کی طرف سے نیشنل پارٹی ،اس کے کارکنوں اور مرحوم کے خاندان سے افسوس کا اظہار کرتے ہیں میر حاصل بزنجو ایک روشن فکر رہنماء تھے جو ملک میں آئین وقانون کی حکمرانی چاہتے تھے پارلیمنٹ کی بالادستی ،غیر جمہوری قوتوں کی جمہوریت اور سیاست و پارلیمنٹ میں مداخلت کے سخت مخالف تھے مرحوم کی اخاروین ترمیم میں کردار بلکہ اسی ترمیم کے دفاع میں اس کا اور اس کے پارٹی کا کردار کسی سے ڈھکا چھپا نہیں اپنے آخر سانس تک اخاروین ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ کی حفاظت کیلئے لڑتے رہیں بلکہ مسلسل دہشتگردی کیخلاف جدوجہد کررہے تھے۔

شال بقیہ 22

لیکسو ولی خان کاکڑ، ایشین میونسپل کارپوریشن انجینئر عبدالحق، صدر مرکزی انجمن تاجران بلوچستان عبدالرحیم کاکڑ، ڈپٹی سیکرٹری مرکزی انجمن تاجران بلوچستان محمد یسین مینگل، سرکل انچارج ایدھی فاؤنڈیشن محمد عابد کے علاوہ جماعت اسلامی کے عبدالقیوم کاکڑ بھی موجود تھے اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ محرم الحرام کے جلوس داخلی وخارجی راستوں کی کڑی نگرانی اور چیکنگ کے لیے پولیس اور ایف سی کے ساتھ دیگر متعلقہ محکموں کے نمائندے بھی موجود ہوں گے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کہا کہ جلوس کی راستوں کی صفائی ستھرائی یقینی بنائی جائے اور نوٹ پھوٹ والی سڑکوں کی مرمت جلد از جلد کیا جائے۔

شال بقیہ 23

سیکورٹی آفیسر مقرر کردیا گیا جبکہ انکے پیش رو ایس پی افتخار احمد کو زونل کمانڈر بی سی زون (ii) کوئٹہ تعینات کردیا گیا، اعلامیے کے مطابق غلام ربانی کو زونل کمانڈر بی سی زون ا کوئٹہ اور ڈی ایس پی اسد اللہ شاہ کی خدمات کمانڈنٹ پی سی کوئٹہ کے سپرد کردی گئی ہیں۔

شال بقیہ 24

بالاتر ہے صوبائی حکومت نام کی کوئی چیز موجود نہیں ہے بلوچستان کی میڈیکل ہائی وے کو سی پیک میں شامل کیا جائے ان خیالات کا اظہار صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا میر صادق عمرانی نے حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی گڈ گورننس ناکام ہو چکی ہے کیونکہ چیف سیکریٹری بلوچستان کے احکامات ہوا میں اڑا دیئے گئے ہیں ایک ماہ گزرنے کے باوجود قومی شاہراہ میں بازار کا کام شروع نہ ہونا این ایچ اے کی طاقتور ہونے کا پیغام اور منتخب عوامی نمائندوں کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ پیپلز پارٹی جب بھی اقتدار میں آئی بلا امتیاز روزگار اور ترقیاتی منصوبے شروع کیے اور علاقے میں یکساں ترقی کو فروغ دیا گیا تھا اور کہا کہ شرقی ڈیرہ مراد جمالی سیوریج نالہ عوام کے لیے وبال جان بن چکا ہے علاقے متعفن پھیل چکا ہے انہوں نے کہا کہ این ایچ اے نے ڈیرہ مراد جمالی کی بازار سے گزرنے والی قومی شاہراہ کا کام جلد شروع نہ کیا تو پیپلز پارٹی احتجاج کا لحظہ رکھتی ہے جس کی ذمہ داری این ایچ اے پر عائد ہوگی۔

شال بقیہ 25

تیز رفتاری کے باعث الٹ گئی، گاڑی میں 16 افراد سوار تھے، حادثے میں 10 افراد زخمی ہوئے جن کو سول ہسپتال نوشکی پہنچایا گیا، زخمیوں کا تعلق آزاد کشمیر اور پنجاب سے بتایا جارہا ہے جو نوشکی کے راستے ایران جانا چاہتے تھے زخمیوں میں چار کی حالت تشویشناک تھی جنہیں کوئٹہ ریفر کردیا گیا، ایم ایس سول ہسپتال نوشکی ڈاکٹر ظفر میگل سمیت دیگر پیرا میڈیکل اسٹاف نے ابتدائی طبی امداد دیدی، تحصیلدار نوشکی امتیاز بلوچ سول ہسپتال نوشکی پہنچ کر زخمیوں کی عیادت کی، لیویز فورس واقعہ کی مزید تفتیش کررہی ہے، باقی تمام افراد کو لیویز فورس نے اپنے تحویل میں لیکر لیویز تھانہ میں بند کردی۔

شال بقیہ 26

انٹیگل سیکرٹری ہیلتھ حافظ محمد طاہر، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز ڈاکٹر شاکر علی بلوچ، صوبائی کوارڈینیٹر نیوٹریشن پروگرام ڈاکٹر امین خان مندوخیل ایڈیشنل سیکرٹری ہیلتھ توقیر علی اکبر، ڈپٹی سیکرٹری ہیلتھ حسین جان، چیف پلاننگ آفیسر رسول زہری ڈیکٹر پورن ڈیزیز کے صوبائی کوارڈینیٹر ڈاکٹر خالد قمبرانی صوبائی کوارڈینیٹر ایم این سی ایچ پروگرام ڈاکٹر اسماعیل میروانی کوہ نا وائرس سیل کے سربراہ ڈاکٹر سرمد خان، صوبائی کوارڈینیٹر ٹی بی کنٹرول پروگرام ڈاکٹر سمیع اللہ کاکڑ، صوبائی کوارڈینیٹر ایل ایچ ڈبلیو پروگرام ڈاکٹر کامران کاسی، صوبائی کوارڈینیٹر ہیپاٹائٹس پروگرام ڈاکٹر گل سبین اور صوبائی کوارڈینیٹر ایڈز کنٹرول پروگرام ڈاکٹر افضل زرکون بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر ریاپہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان میں صحت سے متعلق کئی شعبے کا دائرہ کار انتہائی محدود ہے اور عوام کی اکثریت سرکاری شعبے پر ہی انحصار کرتی ہے اس لئے ہمیں دستیاب وسائل کو ایسی جامع حکمت عملی سے بروئے کار لانا ہوگا۔

شال بقیہ 27

افتتاح کیا بعد ازاں انہوں نے مہم کے مانیٹرنگ بھی کی اور یو ایم او ز سے مہم کے بارے میں میٹنگ کی اور تمام صورتحال سے متعلق آگاہی حاصل کی اسسٹنٹ کمشنر سٹی عصمت اللہ اچکزئی نے کہا کہ سیلاب کی وجہ سے ان علاقوں میں پولیو مہم شروع نہیں ہوسکی تھی مگر اب آج پانچ روزہ پولیو مہم کا آغاز کردیا گیا ہے تمام ایریا انچارج و دیگر پولیو مہم کے دوران موثر انداز میں اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیں تاکہ ایک موذی مرض کو جڑ سے اکھاڑ دیا جاسکے۔

شال بقیہ 28

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے اپنے ایک ٹوئٹ میں کہا ہے کہ جمعہ کو بلوچستان پولیس نے کوئٹہ سے آزمائشی طور پر موبائل پولیس اسٹیشن کا تجربہ شروع کردیا ہے موبائل پولیس اسٹیشن میں جدید سہولیات مہیا کی گئی ہیں تاکہ عوام کو سہولیات مہیا کی جاسکیں۔

شال بقیہ 29

کیماڑی تھانہ سے کوئٹہ کی طرف جانے والا کار بن کار گو سے بھرا ایک ٹرالا ٹوکنڈی کے قریب کوہ تھانہ شاہراہ پر الٹ گئی ، یہ واقعہ ڈرائیور کے اونگھ جانے کے باعث پیش آیا ایف سی بلوچستان ساؤتھ/ تھانہ رائلرز کے جوان جائے حادثہ پر فوری طور پر جا پہنچے انہوں نے نہ صرف ٹرالے میں پھنسے ڈرائیور اور ہیلپر کو باہر نکالنے میں مدد کی بلکہ ان کو ابتدائی طبی امداد بھی فراہم کی مزید برآں ایف سی نے ٹرالے اور سڑک پر پھیلے سامان کو بھی ہٹا کر مرکزی شاہراہ پر ٹریفک کی روانی کو یقینی بنایا۔

شال بقیہ 30

میں کام کے دوران یمنی کا تودا گرنے سے ایک کانکن جاں بحق ہوگیا اطلاع ملنے پر نند دیکی کوئلہ کانوں پر کام کرنے والے کانکنوں نے اپنے مدد آپ کے تحت کانکن کی لاش کوئلہ کان سے نکال کر رورل ہیلتھ سنٹر شاہرگ منتقل کردی جاں بحق ہونے والے کانکن کا نام جمشید سکنہ کے، پی، کے سوات سے بتایا گیا ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی جنہیں انکے آبائی علاقے کیلئے روانہ کردیا گیا ضلع ہرنائی کے میں ہزاروں کوئلہ کان ہے ہرنائی ،شاہرگ ، ہزار ڈم ، ناکس ، شاہرگ ، زرد آلو، کچینہ ، کھوست ، طور غر شال ہے جس میں ہزاروں کانکن کام کرتے ہے۔

شال بقیہ 31

گزشتہ روز تمبو کے علاقے میں زمین کے تنازعے میں دو گروپوں کے درمیان دوران لڑائی پتھروں اور ڈنڈوں کے وار سے ایک شخص جمع

میر حاصل بزنجو جیسی قائدانہ صلاحیتیں بہت کم رہنماؤں کے پاس تھی' انوار الحق

جمہوریت کیلئے اصولی موقف پارلیمنٹ کی بالادستی اور انسانی حقوق کیلئے جدوجہد کو یاد رکھا جائے گا

خطرات کے باوجود حق گوئی اور سچ گوئی سے بات کرنے میر حاصل بزنجو کو سب سے ممتاز کریگا' سینیٹر

کوئٹہ' صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند سے صوبائی وزیر مشتاق خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ میر حاصل بزنجو جیسی قائدانہ صلاحیتیں بہت کم رہنماؤں کے پاس تھی ان کی جمہوریت کیلئے اصولی موقف پارلیمنٹ کی بالادستی اور انسانی حقوق کیلئے جدوجہد کو یاد رکھا جائے گا خطرات کے باوجود حق گوئی اور سچ گوئی سے بات کرنے میر حاصل بزنجو کو سب سے ممتاز کریگا عوام کی کنفیوژن اور اہداف نہ ہونے کے دوران رہنمائی دینا ہی اصل لیڈرشپ کا کام ہوتا ہے اور میر حاصل بزنجو نے آخری لمحات تک اس کام کو بخوبی سرانجام دیا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ آج ایوان بہت افسردہ ہے میر حاصل بزنجو کی کہانی ان کے والد کے اغوا کے کھیلنے کے ساتھ غائباً شروع ہوئی تھی اغوا کے کھیل جتیہ نمبر36 صفحہ3 پر

کیسکو انتظامیہ بجلی چوری روکنے میں ناکام ہوچکی ہے، محمد رمضان اچکزئی

کیسکو کے مزدوروں کے 2017 کے عید الفطر بونس کو ضد اور انا کی بھینٹ چڑھا کر آج تک ادائیگی نہیں کی ہے

کیسکو کا بورڈ آف ڈائریکٹر گزشتہ چار سالوں سے اب تک غیر قانونی طور پر کام کرتے ہوئے کیسکو کو نقصان پہنچا رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کے رہنماؤں محمد رمضان اچکزئی، سید محمد لہری، عبدالحق، عبدالباقی لہری، محمد یار علیزئی، ملک محمد آصف اور سید آغا محمد نے ایک مشترکہ اخباری بیان کے ذریعے پشین سے تعلق رکھنے والے کیسکو کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے ایک ممبر کی طرف سے آفیسروں اور اسٹاف پر بلا جواز دباؤ ڈال کر 11KV لائن کو غیر قانونی طور پر 66KV لائن کے ذریعے اپنے ٹیوب ویلوں تک پہنچانے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا جتیہ نمبر50 صفحہ3 پر

ڈیرہ اللہ یار میں انتظامیہ کا بلاک میٹیریل والوں کے خلاف آپریشن میں بجری ریتی اور بلاک ضبط کیے گئے

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں انتظامیہ کا بلاک میٹیریل والوں کے خلاف آپریشن میں بجری ریتی اور بلاک ضبط کیے گئے اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ اللہ یار بلال شبیر اور میونسپل کمیٹی کے چیف آفیسر محمد سلیم ڈومکی نے اپنی نگرانی جتیہ نمبر49 صفحہ3 پر

کورونا اب بھی ملک اور ہمارے صوبے میں موجود ہے' محمد خان طور

حکومت نے پورے صوبے میں سمارٹ لاک ڈاؤن اور دفعہ 144 نافذ کی ہے جس پر ہر شہری عمل کرے اور ایک ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت فراہم کرے

لوگ کورونا وائرس کو ایک مزاق سمجھ رہے ہیں جو کہ ایک خطرناک عمل ہے جس سے ہمیں بچنا ہوگا' صوبائی وزیر صنعت وتجارت

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر صنعت وتجارت حاجی محمد خان طور اتمان خیل نے کہا ہے کہ لوگ کورونا وائرس کو ایک مزاق سمجھ رہے ہیں جو کہ ایک خطرناک عمل ہے کورونا اب بھی ملک اور ہمارے صوبے میں موجود ہے لورالائی میں ٹیسٹ کے دوران نو حمام والوں کے ٹیسٹ رپورٹ پازیٹیو آئے ہیں ہم نے اسی لیئے بار بار لوگوں سے اپیل کی کہ وہ حکومتی ایس او پیز پر عمل درآمد کریں کیونکہ حکومت اکیلے جتیہ نمبر38 صفحہ3 پر

لورالائی' کمشنر ژوب ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ زیر تعمیر بوائز کالج روڈ کا معائنہ کر رہے ہیں

تشنج سے بچاؤ کے لیے خواتین اور نوزائیدہ بچوں کو حفاظتی ٹیکہ لگائے جائیں گے

تیسری مہم 24 اگست سے 29 اگست تک جاری رہے گی' ڈی ایچ او ڈاکٹر نصر اللہ لانگو

منچر (نامہ نگار) قلات ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر قلات ڈاکٹر نصر اللہ تشنج بچاؤ مہم کے حوالے سے پریس بریفنگ ڈی ایچ او قلات ڈاکٹر نصر اللہ لانگو نے کہا ہے کہ تشنج ایک مہلک اور خطرناک مرض ہے جس سے بچاؤ کے لیے ٹی ٹی MMT 16 حفاظتی ٹیکہ ہے اس حوالے سے محکمہ صحت قلات کی جانب سے مہم شروع کی جارہی ہے اس موقع پر ڈسٹرکٹ کوارڈینیٹر تلہور، فوکل پرسن عبدالوحید ودیگر اسٹاف موجود تھے اس مہم کے دوران 15 سے 49 سال تک عورتوں حاملہ خواتین اور نوزائیدہ بچوں کو تشنج سے بچاؤ کے ویکسین لگائے جائیں گے اس حوالے سے میڈیا، سیاسی سماجی اور قبائلی حلقوں کو اپنے فرائض سرانجام دینی جتیہ نمبر58 صفحہ3 پر

ریکی قبائل پورے ملک میں آباد ہیں اور پرامن طور پر زندگی بسر کر رہے ہیں، ملک عبدالباری ریکی

مولوی محمد یعقوب پر قاتلانہ حملے اور دیگر افراد کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

واہدین (این این آئی) ریکی قومی اتحاد ضلع چاغی کے زیر اہتمام ایم پی اے حاجی زاہد علی ریکی کے قافلے پر فائرنگ عالم دین مولوی محمد یعقوب پر قاتلانہ حملے اور ریکی قبائل کے متعدد افراد کے قتل کے خلاف قبائلی رہنماؤں و دیگر سیکڑوں افراد نے واہدین شہر میں ریلی نکالی گئی، اور عوامی جلسہ کیا واہدین کے شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی تفصیلات کے مطابق ملک عبدالباری، ریکی میر حاجی عبدالرحمان ریکی ٹھیکیدار حاجی عبدالرؤف ریکی کی قیادت میں واہدین بازار میں احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں قبائلی رہنما، حاجی جمعہ خان ریکی، ملک عبدالباری ریکی، ٹھیکیدار ظاہر ریکی میر مہیب الرحمان ریکی، میر عنایت جتیہ نمبر59 صفحہ3 پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میجر (ر) اورنگزیب بادینی محرم الحرام کے جلوس اور مجالس کی سیکورٹی اور دیگر انتظامات کو حتمی شکل دینے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

منجھو شوری میں بجلی کا کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق

تمبو (آن لائن) منجھو شوری میں بجلی کا کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق پولیس کے مطابق منجھو شوری میں بجلی کی کرنٹ لگنے سے محمد یوسف منجھو جاں بحق ہوگیا اطلاع ملنے پولیس جتیہ نمبر68 صفحہ3 پر

میر حاصل خان کی وفات سے بلوچستان اہم ترین رہنماء سے محروم ہوگیا ہے، میر محراب بلوچ

ہم میر حاصل خان بزنجو کے شاگرد ہیں ان کی رہنمائی سے بہت کچھ سیکھنے کو ملا ہے

کوہلو (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، میر محراب بلوچ، ضلعی صدر محمد دین مری نے پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما، حاصل خان بزنجو کے وفات پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے میر حاصل خان نے ہمیشہ صوبے میں غریبوں کے حقوق اور سیاسی شعور کی بات کی ہے ان کی جتیہ نمبر69 صفحہ3 پر

حاصل بزنجو نے ہمیشہ آئین وقانون کی حکمرانی کیلئے جدوجہد کی' عثمان کاکڑ

مرحوم کی اٹھارویں ترمیم میں کردار بلکہ اسی ترمیم کے دفاع میں اس کا اور اس کے پارٹی کا کردار کسی سے ڈھکا چھپا نہیں

اپنے آخر سانس تک اٹھارویں ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ کی حفاظت کیلئے لڑتے رہیں' صوبائی صدر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر عثمان خان کاکڑ نے نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما، میر حاصل بزنجو کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم نے ہمیشہ آئین وقانون کی حکمرانی پارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے جدوجہد کی بلکہ اٹھارویں آئینی ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ کے تحفظ کیلئے لڑتے رہے مرحوم کی وفات سے بلوچ قومی تحریک، محکوم ومظلوم عوام اور حقیقی جمہوریت اور پارلیمان کی بالادستی جتیہ نمبر40 صفحہ3 پر

کوئٹہ' نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کی تدفین کے بعد سیاسی وقبائلی شخصیات انکی قبر پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے پوری دنیا کو طرز حکومت، عدل کی فراہمی سکھایا، مولانا عبدالرحمن رفیق

آپ رضی اللہ عنہ کا زمانہ ایک ایسا عبوری ہے جو کہ رہتی دنیا تک تمام حکمرانوں کے لئے ایک روشن مینار کی حیثیت رکھتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر حضرت مولانا عبدالرحمن رفیق، مولانا مفتی روزی خان، مولانا قاری عبداللہ، مولانا شیخ احمد جان، مولانا محمد ہاشم غیلزئی، مولانا محمد ایوب ایوبی، مولانا عبد الاحد، مولانا محمد اشرف جان، مولانا حافظ عبدالحق حقانی، مولانا غلام نبی محمدی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حافظ مسعود احمد، حافظ شبیر احمد مدنی، مولانا مفتی عبدالغفور مدنی، حافظ سراج الدین، مولانا محمد طاہر توحیدی، مولانا سردار محمد نورزئی، مولانا مفتی ایوبکر، حافظ دوست محمد نے نماز جمعہ کے اجتماعات جتیہ نمبر41 صفحہ3 پر

بلوچستان اسمبلی کے تیسرے پارلیمانی سال کا کلینڈر جاری کردیا گیا

رواں پارلیمانی سال اسمبلی کے 10 دن پر مشتمل 10 اجلاس منعقد ہونگے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے تیسرے پارلیمانی سال کا کلینڈر جاری کردیا گیا رواں پارلیمانی سال اسمبلی کے 10 دن پر مشتمل 10 اجلاس منعقد ہونگے، جمعہ کو اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو نے 13 اگست 2020 سے شروع ہونے والے بلوچستان اسمبلی کے تیسرے پارلیمانی سال کے اجلاسوں کا شیڈول جاری کردیا ہے جسکے مطابق ستمبر، اکتوبر، جتیہ نمبر42 صفحہ3 پر

ہمیں اتحاد بین المسلمین کے لیے اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنا ہوگا، سید داؤد آغا

محرم الحرام تمام مسلمانوں کو آپس میں اتحاد، یگانگت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان شیعہ کانفرنس کے میڈیا سیل کے مطابق صدر بلوچستان شیعہ کانفرنس سید داؤد آغا نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ محرم الحرام کی آمد آمد ہے ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ کوئٹہ شہر میں عزاداری سید الشہداء کے جلوس روٹ کے ساتھ ان مقامات پر جہاں امام بارگاہ موجود ہیں وہاں پر انٹرنیٹ لائف، روڈ لائٹنگ، ٹائیوں کی مرمت گیس، پانی، بجلی کی فراہمی جیسے معاملات پر خصوصی توجہ دے۔ اس کے علاوہ جتیہ نمبر47 صفحہ3 پر

صوبائی وزیر مشتاق خان کاکڑ کا میر حاصل خان بزنجو کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ و ماحولیات مشتاق خان کاکڑ نے نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے حاصل خان بزنجو کی سیاسی خدمات کو خراج عقیدت پیش جتیہ نمبر48 صفحہ3 پر

بلوچستان حکومت اور محکمہ صحت لوگوں کو صحت عامہ کی فراہمی کیلئے مختلف منصوبوں پر عمل درآمد کررہی ہے' آصف انور شاہوانی

کیسیلہ بھر میں 24 اگست سے شروع ہونے والی تشنج سے بچاؤ کی 6 روزہ مہم کا باقاعدہ آغاز ہو رہا ہے

کوئٹہ (خ ن) ضلعی افسر صحت ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت اور محکمہ صحت لوگوں کو صحت عامہ کی فراہمی کیلئے مختلف منصوبوں پر عمل درآمد کررہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے تشنج سے بچاؤ کی چھ روزہ مہم سے متعلق بات چیت کرتے ہوئے کیا ہے انہوں جتیہ نمبر51 صفحہ3 پر

آل پارٹیز، تاجر اتحاد، محنت کشوں کی جدوجہد رنگ لے آئی

6 ماہ سے بند پاک افغان بارڈر باب دوستی پیدل آمدورفت کیلئے کھول دیا گیا

چمن (آن لائن) آل پارٹیز، تاجر اتحاد، محنت کشوں کی جدوجہد رنگ لے آئی، 6 ماہ سے بند پاک افغان بارڈر باب دوستی پیدل آمدورفت کیلئے کھول دیا گیا جس کے دوران بڑی تعداد میں لوگ بارڈر کے آر پار گئے، بارڈر دروازہ کھولنے پر عوام نے خوشی کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے جتیہ نمبر52 صفحہ3 پر

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر جعفر آباد عبدالرزاق خان کھچک محرم الحرام کے حوالے منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

گڑھی خیرو سپیکو گڑھی خیرو کی ناجائزیاں حد سے بڑھ گئیں

دودا پور فیڈر کے صارفین کا اور بلنگ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاج

گڑھی خیرو (نمائندہ شمال) گڑھی خیرو سپیکو گڑھی خیرو کی ناجائزیاں حد سے بڑھ گئیں، دودا پور فیڈر کے صارفین کا اور بلنگ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاج، ٹریفک معطل، سپیکو چیف سے معاملے کا نوٹس لینے کا مطالبہ، رپورٹ کے مطابق صارفین کو بلا جواز تنگ کرنے، اور بلنگ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سمیت سپیکو گڑھی خیرو کے محکمے کی جانب سے ناجائزیاں حد سے بڑھ گئیں ہیں، اس سلسلے میں دودا پور فیڈر کے سینکڑوں دیہات کے صارفین کی جانب سے میر باز خان بروہی، دریا خان جتیہ نمبر56 صفحہ3 پر

عوام تک معیاری خوراک کی رسائی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، غلام مرتضیٰ کلہوڑ

شہریوں کی صحت کے حوالے سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، ڈائریکٹر آپریشن بلوچستان فوڈ

سوراب (این این آئی) ڈائریکٹر آپریشن بلوچستان فوڈ غلام مرتضیٰ کلہوڑ اچانک دورے پر سوراب پہنچ گئے، بازار میں اشیاء خورد ونوش کے مختلف دکانوں اور ہوٹلوں کا معائنہ کرکے صفائی اور حفظان صحت کے اصولوں کا جائزہ لیا، مضر صحت اور زائد المیعاد اشیاء، فروخت کرنے والے مختلف دکانوں کو سیل جبکہ گوشت مارکیٹ میں صفائی کے ناقص انتظام پر قصائیوں کو جرمانہ بھی کردیا، سوراب جتیہ نمبر60 صفحہ3 پر

نوابشاہ میں نوجوان محمود بھٹی کے قتل کے خلاف گڑھی خیرو میں بھٹی برادری کا احتجاج

گڑھی خیرو (نامہ نگار) نوابشاہ میں نوجوان محمود بھٹی کے قتل کے خلاف گڑھی خیرو میں بھٹی برادری کا احتجاج، قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ، رپورٹ کے مطابق چند روز قبل نوابشاہ میں مبینہ طور پر سود خوروں کے ہاتھوں پیسوں کی لین دین کے معاملے پر قتل ہونے والے نوجوان سوئی گیس کے ملازم محمود بھٹی کے دردناک قتل واقعے کے خلاف سندھ بھٹی برادری تنظیم کی جانب سے ساگر بھٹی، اکبر بھٹی اور جتیہ نمبر53 صفحہ3 پر

بلوچستان پولیس میں تقرریاں وتبادلے وزیر اعلیٰ کے چیف سیکورٹی آفیسر کو تبدیل کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان پولیس میں تقرریاں وتبادلے وزیر اعلیٰ کے چیف سیکورٹی آفیسر کو تبدیل کردیا گیا، جمعہ کو آئی جی پولیس بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیے کے مطابق ایس ایس پی لورالائی محمد جواد طارق کا تبادلہ کرکے انہیں وزیر اعلیٰ کا چیف سیکورٹی آفیسر مقرر کردیا گیا جبکہ انکے پیش رو ایس پی افتخار احمد گوندل کمانڈر جتیہ نمبر57 صفحہ3 پر

محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان نے صوبائی کابینہ کی منظوری سے بلوچستان سول سروٹس فوائد واموات معاونہ کی جامع پالیسی 2020 جاری کردی ہے

کوئٹہ (خ ن) محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان نے صوبائی کابینہ کی منظوری سے بلوچستان سول سروٹس فوائد واموات معاونہ کی جامع پالیسی 2020 جاری کردی ہے پالیسی کے اجراء سے سرکاری ملازمین کے فوائد و اموات معاونہ کا طریقہ کار آسان اور سہل ہوگا۔

سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کوئٹہ کا ایک اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کوئٹہ کے ایک اعلامیہ کے مطابق محمد جواد طارق (پی ایس پی/پی ایس-18) ایس ایس پی لورالائی کا تبادلہ کرکے انہیں چیف سیکیورٹی آفیسر ٹو وزیر اعلیٰ بلوچستان کے عہدے پر تعینات جتیہ نمبر44 صفحہ3 پر

ڈپٹی کمشنر مستونگ محبوب خان اچکزئی کا ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس کا اچانک دورہ

مستونگ (خ ن) ڈپٹی کمشنر مستونگ محبوب خان اچکزئی نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس کا اچانک دورہ کیا جہاں انہوں نے ملازمین کی حاضریوں کی صورتحال اور آفس کو درپیش مشکلات کا معائنہ کیا اس موقع پر دفتر کے ملازمین اپنے فرائض پر موجود تھے تاہم صحت کے حوالے سے سہولیات کی فراہمی سے متعلق ادویات کی کمی کا سامنا ہے۔ انہوں جتیہ نمبر46 صفحہ3 پر

محرم الحرام کے سلسلہ میں سیکورٹی کے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے' ڈپٹی کمشنر جعفر آباد

شہر کے داخلی اور خارجی راستوں کی سیکورٹی سخت کی جائے، عشرہ محرم الحرام میں ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کی جائے

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد عبدالرزاق خان کھچک کی زیر صدارت محرم الحرام کے حوالے سے خصوصی اجلاس اسسٹنٹ کمشنر اوستہ محمد آفس میں منعقد ہوا اجلاس میں فرنٹیئر کانسٹبلری کے میجر محمد سلیم، اسسٹنٹ کمشنر ارشد جمالی، شعبہ علماء کونسل کے ممتاز عمرانی، ڈی ایچ او جعفر آباد قدرت اللہ جمالی، ڈی ایس پی اوستہ محمد اکرم کھکھلوری، ریس ایچ او سٹی اوستہ محمد مقبول جمالی، تحصیلدار جتیہ نمبر43 صفحہ3 پر

صحبت پور میں ترقیاتی کام جاری ہے جس کے ثمرات عوام تک پہنچ رہے ہیں' اعجاز علی جیچیہ

میر سلیم احمد خان کھوسہ نے عوام کی فلاح وبہبود اور حلقہ کی عوام کے لیے ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا ہے

صحبت پور (نامہ نگار) جیچیہ قومی اتحاد کے مرکزی رہنما اعجاز علی جیچیہ نے کہا ہے کہ صحبت پور میں ترقیاتی کام جاری ہے جس کے ثمرات عوام تک پہنچ رہے ہیں جس کا سہرا صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ کو جاتا ہے عوام ان کی کارکردگی سے مطمئن ہیں صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ عوامی خدمت کا جذبہ رکھنے والے لیڈر ہیں مخالفین ان کے خلاف پروپیگنڈا کر رہے ہیں جو حقیقت پر مبنی نہیں ہے صحبت پور سے کشمور روڈ کی تعمیر سے علاقے میں ترقی کا نیا دور شروع ہوگا اور عوام کو سفری سہولیات میسر ہونگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے جاری کردہ ایک بیان میں کیا اعجاز علی جیچیہ نے کہا کہ صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم احمد خان کھوسہ نے عوام کی فلاح و بہبود اور حلقہ کی عوام کے لیے ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا ہے مرحوم خان کی جتیہ نمبر45 صفحہ3 پر

مثبت سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی حکومت کی اولین ترجیح ہے' میر عمران کھچکی

دو سالہ مختصر عرصے میں صوبے کے تمام اضلاع میں بلاتفریق بھرپور خدمات سرانجام دے رہے ہیں

جس کا تمام تر سہرا وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی اور مشیر کھیل برائے سپورٹس عبدالخالق ہزارہ کو جاتا ہے، افتتاحی تقریب سے خطاب

کوئٹہ پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر بابا خان بلیدی ورٹیکل پروگرام کے سربراہان جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری اسپورٹس اینڈ یوتھ آفیئرز حکومت بلوچستان میر عمران کھچکی نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے کہ مثبت سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کرے دو سالہ مختصر عرصے میں صوبے کے تمام اضلاع میں بلاتفریق بھرپور خدمات سرانجام دے رہے ہیں جس کا تمام تر سہرا وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی اور مشیر کھیل برائے سپورٹس عبدالخالق ہزارہ کو جاتا ہے جن کی اولین ترجیح صوبے کے تمام پسماندہ اور دور افتادہ علاقوں سمیت صوبائی دارالحکومت پر بھی توجہ ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بلوچستان سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام 14 اگست جشن جتیہ نمبر37 صفحہ3 پر

گزشتہ رات سیلابی ریلے سے کھاری ٹوکوٹرہ روڈ ایک بار پھر آمدورفت کے لیے بند ہوگیا

گندواہ (نامہ نگار) گزشتہ رات سیلابی ریلے سے کھاری ٹوکوٹرہ روڈ ایک بار پھر آمدورفت کے لیے بند ہوگیا سیلابی پانی سے کھاری کا زمینی راستہ کٹ گیا اہل علاقہ محصور تھے تفصیلات: محکمہ موسمیات کی جانب سے بارشوں کے الرٹ کے بعد پہاڑی علاقوں میں بارش کا سلسلہ جاری ہے جس جتیہ نمبر55 صفحہ3 پر

میر حاصل خان بزنجو ایک قوم پرست اور جمہوریت پسند سیاسی رہنما تھے' ملک محمد ساسولی

توکنڈی (این این آئی) بی این پی مرکزی کمیٹی کے سابق ممبر انجینئر ملک محمد ساسولی نے ایک تعزیتی بیان میں کہا کہ میر حاصل خان بزنجو ایک قوم پرست اور جمہوریت پسند سیاسی رہنما تھے جنکی پوری زندگی بلوچ راج اور بلوچستان میں جتیہ نمبر61 صفحہ3 پر

گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع سوراب کی کابینہ کا چناؤ مکمل

باہمی اتفاق رائے سے ایک پینل کی صورت میں کاغذات نامزدگی پیش جس کے نتیجے میں تمام عہدیداران بلامقابلہ منتخب

سوراب (این این آئی) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع سوراب کی کابینہ کا چناؤ مکمل، باہمی اتفاق رائے سے ایک پینل کی صورت میں کاغذات نامزدگی پیش جس کے نتیجے میں تمام عہدیداران بلامقابلہ منتخب، مرکزی الیکشن کمیٹی کے وائس چیئرمین حفیظ اللہ عیسیٰ زئی، اراکین ملک ظفر جاوید محمد صدیق مشوانی کی سوراب آمد کے موقع پر گورنمنٹ بوائز ہائی سکول سوراب کے ہال میں ایک پروقار تقریب میں منعقد ہوئی، جس میں ضلع بھر سے اساتذہ کرام نے کثیر تعداد میں شرکت کی، تقریب کا باقاعدہ جتیہ نمبر64 صفحہ3 پر

میر حاصل خان بزنجو کی وفات صوبے کیلئے سانحہ ہے، میر ہمایوں مری

کوہلو (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان و بزرگ سیاستدان میر ہمایوں خان مری نے نیشنل پارٹی کے سیاسی رہنما، میر حاصل خان بزنجو کی ناگہانی وفات پر دکھ ورنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں پوری زندگی میں سیاسی جدوجہد کی ہے اور صوبے میں سیاسی شعور اجاگر جتیہ نمبر63 صفحہ3 پر

ایری گیشن ایمپلائز یونین کے صوبائی صدر علی بخش جمالی کی اہلیہ گزشتہ روز انتقال کرگئیں

اوستہ محمد (آن لائن) ایری گیشن ایمپلائز یونین کے صوبائی صدر علی بخش جمالی کی اہلیہ گزشتہ روز انتقال کرگئیں جن کی نماز جنازہ ایری گیشن کالونی میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں جمالی اقوام کے سربراہ میر ذوالفقار علی خان جمالی، سردار محمد جان چندرانی، ایڈووکیٹ صابر جمالی، صابر چندرانی، مبارک خان بازو، صوفی علی مردان جمالی، محمد پناہ چانڈیو، اے ڈی او غلام یاسین جمالی، سابق ایس ایچ او یاسین جمالی، کے علاوہ ایری گیشن کے جتیہ نمبر66 صفحہ3 پر

7 ماہ سے تعلیمی ادارے بند ہیں جس سے بچوں کا نقصان ہو رہا ہے' مولوی محمد جیلانی قاری

حکومت کی جانب سے تعلیمی ادارے بند کرنا آئین کے آرٹیکل 18 کی خلاف ورزی ہے

حکومت کے غلط فیصلوں کی وجہ سے ملک میں ناقابل تلافی تعلیمی بحران پیدا ہوگیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) قراسکولز اینڈ ایسوسی ایشن ضلع کوئٹہ کنوینئر مولوی محمد جیلانی قاری رحمت اللہ عبداللطیف بارکزئی قاری محمد نعیم قاری عبدالجبار مولوی عبداللہ خان عبدالرافع ندیم شبیر احمد دہقانی محمد سلیم بادینی ڈاکٹر شفیق الرحمن رفیع اللہ برشوری قاری شیر محمد قاری رحمت اللہ زیشان قاری عطاءاللہ ودیگر نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ 7 ماہ سے تعلیمی ادارے بند ہیں جس سے بچوں کا نقصان ہو رہا ہے حکومت کی جانب سے تعلیمی ادارے بند کرنا آئین کے آرٹیکل 18 کی خلاف ورزی ہے، تعلیمی اداروں کی جتیہ نمبر65 صفحہ3 پر

بلوچستان کے 33 اضلاع میں تربیتی کنونشن منعقد کیے جائیں گے' یوائی

جمعیت کو بلوچستان میں منظم اور فعال بنانے کے لئے بلوچستان بھر کے تمام اضلاع کے دورے کا شیڈول جاری

مولانا عبدالواسع کی قیادت میں صوبائی مجلس عاملہ پارلیمانی گروپ اور دیگر قائدین دورے میں شامل ہونگے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی ناظم مولانا خورشید احمد نے مجلس عاملہ کے اجلاس کی تفصیلات جاری کرتے ہوئے ایک بیان میں کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عاملہ اور پارلیمانی گروپ کا مشترکہ اجلاس جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی دفتر میں زیر صدارت صوبائی امیر ورکن قومی اسمبلی حضرت مولانا عبدالواسع منعقد ہوا اجلاس میں جتیہ نمبر39 صفحہ3 پر

سی ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد یاسر بازئی کو ڈویژن اسپورٹس کے اختتام پر اسپورٹس آفیسر سونیر پیش کر رہے ہیں

لیویز فورس نے کم سن بچے کے ساتھ زیادتی کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا' عبداللہ جہانزیب شیخ

چمن (آن لائن) اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ جہانزیب شیخ نے کہا ہے کہ لیویز فورس نے کم سن بچے کے ساتھ زیادتی کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا جبکہ دوسرے ملزم کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا نمائندوں سے گفتگو جتیہ نمبر71 صفحہ3 پر

بلوچستان میں مون سون بارشوں کا نیا سلسلہ شروع ہوگیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں مون سون بارشوں کا نیا سلسلہ شروع ہوگیا اور موسلا دھار بارشوں سے ندی نالوں میں طغیانی آگئی صوبہ بلوچستان کے مشرقی علاقوں میں مون جتیہ نمبر72 صفحہ3 پر

سول اسپتال کا ٹراما سنٹر میں ڈاکٹرز کی ہڑتال کے باعث مریض دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں' مولانا قاری صبراللہ

ارباب اقتدار کو کوئی فکر نہیں کہ ڈاکٹروں کی ہڑتال کے باعث جنازے اٹھانے مریضوں کی دربدری پر ان کا کوئی پرسان حال نہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام (نظریاتی) ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری صبراللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی شیخ الحدیث مولانا نیاز محمد مولانا خدائے نظر حاجی داد محمد ضلعی کنوینر مولانا محمد ابراہیم ڈپ